مجموعہ ختم خواجگان مع

شجرہ ہائے مشائخانِ طریقت

ملک محمد اشرف نقشبندی

ناشر:
شمع بک ایجنسی
۸-یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

Marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ط

محبوبِ الٰہی کی اُلفت جس دل میں پائی جاتی ہے
ہر سانس میں اللہ اللہ کی اِس قلب سے آواز آتی ہے

المعروف

مجموعہ ختمِ خواجگان

معہ شجرہ ہائے مشائخانِ طریقت

از رئیس القلم ادیبِ سخن ممتاز الشعراء پیر

ملک محمد اشرف نقشبندی

قادری چشتی ساکن کلریالہ گجراں۔ ڈاکخانہ سید کسراں

تحصیل گوجر خان ضلع راولپنڈی

منگوانے کا پتہ

شمع بک ایجنسی ۸ یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پبلشرز دائمی محفوظ ہیں:

98429

نام کتاب ـــــــ مجموعہ ختم خواجگان
مُصنّف ـــــــ خلیفہ ملک محمد اشرف نقشبندی
ـــــــ قادری چشتی غفرلہٗ
نظر ثانی ـــــــ صاحبزادہ الحاج پیر حافظ
محمد مطلوب الرسول صاحب للّٰہی
سجادہ نشین دربار عالیہ للّٰہ شریف جہلم
ناشر ـــــــ صابر حسین
کتابت ـــــــ غلام عباس ساجد
بار چہارم ـــــــ مئی ۲۰۰۳ء
ضخامت ـــــــ ۱۹۲ صفحات
تعداد ـــــــ ایک ہزار
قیمت ـــــــ روپے
نیا ایڈیشن معہ اضافی شدہ

سٹاکسٹ:
شمع بک ایجنسی
۸ یوسف مارکیٹ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ـ لاہور

Marfat.com

اِبتدائیہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ ○ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَمَّا بَعْدُہٗ

وہ کتاب لاجواب ختمِ خواجگان معہ شجرہ ہائے مشائخانِ طریقت مُصنّف خلیفۂ ملک محمد اشرف نقشبندی"۔

یہ ایک مسلّمہ حقیقت ہے کہ کائنات رنگ میں سے کسی چیز کو بے مقصد پیدا نہیں کیا گیا ہے۔ جنّ و بشر، عرش و فرش، حور و ملک، شجر و حجر، ذرات، ریگستان، میدان، سمندر، ہوا، بارش، بادل، غرض کہ چھوٹی سے چھوٹی مخلوق سے لے کر بڑی بڑی مخلوقات تک سب کی پیدائش کے پیچھے کوئی مقصد کارفرما ہوتا ہے۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا۔ ساری مخلوقات سے بنی آدم کو اشرف و اعلیٰ مقام بخشا۔ ساری مخلوقات کا مقصود انسان ہے اور انسان کا مقصود اللہ تعالیٰ کی ذات والا صفات ہے۔

Marfat.com

کسی شاعر نے بڑے حسین انداز میں اس حقیقت کی طرف راہنمائی کی ہے۔

شعر

جانور پیدا کیئے تیری غذا کے واسطے
چاند سورج اور ستارے ہیں ضیاء کے واسطے
کھیتیاں ہیں سرسبز تیری رضا کے واسطے
سب جہاں تیرے لئے ہے تو خدا کے واسطے

اعلانِ باری تعالیٰ ہوتا ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْن۔

جنّات اور انسانوں کو صرف عبادت اور معرفتِ خُداوندی کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔

رُوح انسانی کا تعلق عالمِ لطیف سے ہے۔ جسم عالم کثیف میں ہے۔ رُوح ایک لطیف و شفاف جہان کی چیز ہے۔ اور جسم انسانی کے پنجرے میں رُوح بند ہوتی ہے۔ تو پریشان ہو جاتی ہے۔ جسم کی کثافتیں اور تاریکیاں رُوح پر اثر انداز ہوتی ہیں تو اس پر گھٹن کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ رُوح کو پھر اس جہانِ نُور کا نغمہ سُنایا جائے جس سے ازلی تعلق رہا ہے۔ عالمِ نُور کا نغمہ ذکرِ خداوندی ہے۔ جب ذکرِ الٰہی ہوتا ہے تو رُوح کا تعلق پھر عالمِ نُور سے ہو جاتا ہے۔ رُوح جسم کی پابندیوں سے بے نیاز ہو کر متوجہ ہوتی ہے۔ اصلی وطن کا نغمہ سُنتے ہی سکون محسوس کرتی ہے یہی وجہ ہے کہ ذکر سے دلوں کو سکون ملتا ہے۔

Marfat.com

قرآنِ مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ ذکرِ خداوندی سے دِل اطمینان پاتے ہیں۔ اِس لئے رُوحانی سکون کے طلبگاروں کو ذِکر خداوندی کی طرف لایا جاتا ہے۔ تاکہ کچھ بندہ پرور اپنے مولا کریم کی یاد میں رہ کر اپنی رُوح کی تازگی کا سامان کرے۔

قرآن مجید میں جا بجا ارشادات ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ذِکر کثرت سے کیا کرو۔

قرآن مجید کی تلاوت سے بھی عالمِ قدس کے انوار نازل ہوتے ہیں۔ اِسی وجہ سے تلاوت کرنے سے قلبی سکون میسّر ہوتا ہے۔ احادیث طیبہ میں بہت زیادہ اذکار و اَوراد تعلیم کیٔے گئے تاکہ مومنین مومنات رُوحانی تسکین حاصل کر سکیں۔ جس طرح کوئی شخص ایک کلو سونے کا ایک ٹکڑا اپنے گلے میں لٹکالے۔ تو وہ کتنا بُرا محسوس ہوگا۔ اس کا کوئی حُسن سامنے نہیں ہوتا ہے۔ اِس کے برعکس اگر ۴ ماشے یا ایک تولے کی انگوٹھی بنا دی جائے تو کتنی خوبصورت معلوم ہوتی ہے۔ ایک کلو کے ٹکڑے سے اِس کا حُسن زیادہ ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ طریقے اور سلیقے سے بنایا گیا ہے۔ ایسے ہی اَولیآءِ کرام اور صُوفیائے عظام بزرگانِ دین نے اللہ تعالیٰ کے ذِکر کے مختلف طریقے بتائے۔ تاکہ پابندی کے ساتھ ہر شخص وہ ذِکر کرسکے۔ مثلاً ختمِ قادریہ، ختمِ غوثیہ، ختمِ خواجگان، ختمِ خواجگان چشت ختمِ اَویسیہ، ختمِ نقشبندیہ وغیرہ دراصل یہ مختلف اَندازوں میں ذکرِ خداوندی ہے مقصد یادِ الٰہی ہے۔ چاہے جیسے بھی ہو اس

Marfat.com

کتاب میں بہت سارے بزرگانِ دین کے ختمات شریفیہ اور اوراد و وظائف اور اذکار و اشغال جمع کر دیئے گئے ہیں۔ ان اوراد و وظائف کے لئے اپنے پیرو مرشد سے اجازت لے کر وقت نکال کر آپ بھی رُوحانی سکون حاصل کریں۔ اِجازت کے بغیر بعض دفعہ نقصان بھی ہو جاتا ہے۔ اس لئے کسی کامل بُزرگ سے اجازت پہلے حاصل کر لینی چاہیئے۔

فقیر اپنی طرف سے چند مجرّب وظائف ھدیہ کرتا ہے۔

۱: کسی مشکل کے لئے: اوّل و آخر دُرود شریف ۱۰۰، ۱۰۰ مرتبہ درمیان میں سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۱۴۶۹ مرتبہ۔ اس کے بعد دُعا مانگیں۔ اِنشاءاللہ تعالیٰ قبول ہو گی۔

۲: حضرت مقاتلؒ فرماتے ہیں جس شخص کو کوئی مشکل پیش ہو یا اللہ تعالیٰ سے کوئی دینی یا دُنیاوی حاجت ہو۔ وہ جُمعہ کے روز صبح کی نماز کے بعد اس جگہ بیٹھ کر سو مرتبہ یہ دُعا مانگے جس سے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام مردوں کو زندہ کرتے تھے۔ اگر دُعا قبول نہ ہو تو مقاتل پر لعنت کرے۔

دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ یَا حَکِیْمُ یَا دَائِمُ یَا فَرْدُ یَا اَحَدُ یَا وِتْرُ یَا صَمَدُ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

Marfat.com

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

۳: آنکھیں دُکھتی ہوں تو یہ پڑھ کر اُنگلیوں پر پھونکیں اور آنکھوں پر ملیں۔ اوّل و آخر دُرود شریف پڑھ لیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نُوْرُ الْعَیْنَیْنِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ۔

محترم خلیفہ ملک محمد اشرف نقشبندی صاحب نے کافی محنت سے یہ وظائف جمع کئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اجر عطا فرمائے، آمین الحمدُ للہ! بندہ ناچیز کا تعلق خاندانِ غوثِ الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، اور خاندانی مجربات وظائف کافی تعداد میں موجود ہیں۔ ارادہ ہے کہ ان سب جواہر پاروں کو جمع کر کے چھپوا دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ط

سید عظمت حسین شاہ گیلانی
خطیب جامع مسجد غوثیہ النور کالونی راولپنڈی
۸ جمادی الاول ۱۴۲۳ھ مورخہ ۱۹۔ جولائی ۲۰۰۲ء بروز جمعۃ المبارک۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتساب

دیکھ لو تم اے فرشتو! میری جبیں پہ رقم ہے
میں ہوں کس کا نام لیوا کس سے میرا انتساب

بندۂ ناچیز اپنی سعیٔ حقیر کو شہنشاہِ ہفت افلاک، صاحبِ لولاک تاجدارِ حرم، سردار الانبیاء، حضور پُرنور، شافع یوم النشور رحمۃ اللعالمین سید الاولین والآخرین حضرت محمد مصطفےٰ علیہا الصلوٰت افضلہا و تسلیمات اکملہا کی بارگاہِ بے کس پناہ میں پیش کرتے ہوئے آپ کے نامِ نامی و اسمِ گرامی سے منسوب کرتا ہوں۔ جن کے سراپا نورِ ہدایت و نگاہِ کرم نے ہمیں اپنا اُمتی بنا کر دولت ایمان و ایقان سے مالا مال فرمایا ہے

حمد بے حد مر رسولِ پاک را
آں کہ ایماں داد مُشتِ خاک را

گر قبول افتد، زہے عزّ و شرف
چندیں سگانِ کوئے تو یک کمترین منم

طالبِ دُعا:
خلیفہ ملک محمد اشرف نقشبندی، قادری، چشتی

Marfat.com

بہ حُسنِ تصرّف

شیخ الاسلام والمسلمین، غوث المتقین، قطبُ العارفین برہان الولایت محمّدیہ، غوثِ زماں، فخرِ اولیاء، والیٔ پوٹھوار، محبوبِ صمدانی، قُطبِ ربّانی، مجدد الف ثانی، حاجی پیر سیّد عبداللہ شاہ حُسینی، ہمدانی نور اللہ مرقدہٗ رحمۃ اللہ علیہ جن کی نگاہِ تصرّف کے صدقے یہ کتاب بخیر و خوبی انجام پذیر ہوئی۔

کیونکہ

دین و دُنیا میں جو کچھ پایا ہے، خُدا اور رسُول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فضل و کرم سے ان ہی سے پایا ہے۔

سجادہ نشین :

صاحبزادہ پیر سیّد محمد جابر علی شاہ صاحب
حُسینی ہمدانی۔ دربارِ حُسینی فیض رساں۔
بھنگالی شریف۔ ضلع راولپنڈی

ہیچمدان : طالبِ دُعا و نگاہ، خاکِ درِ اولیاء
خلیفہ ملک محمد اشرف
نقشبندی، قادری، چشتی، کلریالیہ گجراں والے۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

حسبُ الارشاد

اَولیائے کرام

اللہ اللہ کیا جانے سے اللہ نہ ملے
یہ اللہ والے ہیں جو اللہ سے مِلا دیتے ہیں

- منبع طریقت شہنشاہِ پیر سیّد اعجاز علی شاہ صاحب گیلانی سجادہ نشین دربار عالیہ گیلانیہ قادریہ حُجرہ شاہ مقیم رح. اوکاڑہ

- مخدومِ طریقت پیر سیف الرّحمٰن صاحب نقشبندی، قادری چشتی المعروف پیر صاحب مُبارک سجادہ نشین دربارِ عالیہ نقشبندیہ قادریہ چشتیہ، مَنڈے کس (مُرشد آباد شریف) باڑہ پشاور

- پیر طریقت، رہبر شریعت پیر محمّد مُحبّ الرّحمان قادری صاحب، سجادہ نشین دربارِ عالیہ قادریہ بھیرہ شریف (پِنّیاں) ہری پور ہزارہ

- سائیں عبدالرشید صاحب حیدری قلندری، سجادہ نشین

Marfat.com

- مخدوم پیر سیّد فضل حسین شاہ بخاری دربار عالیہ ممیام شریف۔ کلر سیداں تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی۔

- پیر طریقت پیر سیّد مقبول محی الدّین صاحب گیلانی قادری سجادہ نشین دربارِ عالیہ کیتھل شریف۔ ڈیرہ غازی خان۔

- حضرت علامہ الحاج پیر علاؤ الدین صدیقی صاحب مدظلہ العالی، سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ نیریاں شریف۔ تراڑکھل ضلع پونچھ آزاد کشمیر

- پیرِ طریقت، رہبر شریعت حضرت علامہ پیر سیّد مراتب علی شاہ صاحب زیب آستانہ عالیہ سلوکی شریف۔ ضلع گجرات۔

- پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، جگر گوشہ سیّد رسول شاہؒ، سجادہ نشین سیّد محمود الحسن شاہ صاحب خاکی آستانہ عالیہ مخدوم پور شریف، چکوال

- پیرِ طریقت، رہبر شریعت پیر سیّد عبد الحق شاہ صاحب مدظلہ المعروف چھوٹے لالہ جی صاحب
سجادہ نشین آستانہ عالیہ غوثیہ چشتیہ گولڑہ شریف

Marfat.com

- پیر طریقت صاحبزادہ پیر سید سعادت علی شاہ صاحب مدظلہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ چُورہ شریف ضلع اٹک پاکستان۔

- حضرت پیر طریقت، رہبر شریعت، رموزِ حقیقت زندہ پیر سجادہ نشین آستانہ عالیہ گمگھول شریف کوہاٹ۔

- پیر طریقت، حضرت پیر سید افتخار الحسن شاہ صاحب کاظمی۔ سجادہ نشین دربار عالیہ سکندریہ ہٹیاں شریف۔ ضلع مظفر آباد۔ آزاد کشمیر

- جناب پیر طریقت الحاج پیر حمید الدین چشتی، سیالوی صاحب سجادہ نشین دربارِ عالیہ چشتیہ سیال شریف، ضلع سرگودھا۔

- پیر طریقت حضرت صاحبزادہ علاؤ الدین صاحب چشتی۔ سجادہ نشین دربار عالیہ، خواجہ نگر شریف ہزارہ روڈ حسن ابدال۔

- صوفی شرافت علی صاحب قادری قلندری چشتی صابری، سجادہ نشین آستانہ عالیہ قادریہ چشتیہ صابریہ صادقیہ، دھرم پورہ مصطفےٰ آباد۔ لاہور ۱۵۔

- شجاع الفقراء حضرت سید اصغر علی شاہ صاحب بخاری قلندر

Marfat.com

دوران نور اللہ مرقدہٗ رحمۃ اللہ علیہ تاریخ وصال ۲۰ اگست ۱۹۶۸ء بروز منگل وار بمطابق ۲۵ جمادی الاول ۱۳۸۸ھ ہجری سجادہ نشین دربارِ عالیہ پیر سید شبیر حسین شاہ صاحب بخاری مدظلہٗ العالی موہڑہ نکڑیال براستہ کلر سیداں ضلع راولپنڈی۔

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روزِ محشر عذر ہائے من پذیر
گر حسابم را تو بینی ناگزیر
از نگاہِ مصطفےٰ پنہاں بگیر

محبّ الفقراء خادم العلماء خلیفہ ملک محمد اشرف نقشبندی۔ کلر بالیہ گجراں تحصیل گوجرخان ضلع راولپنڈی۔

Marfat.com

تقریظ : پیرِ طریقت علامہ غلام محی الدین سلطان صاحب نقشبندی، خطیبِ اعظم مرکزی جامع مسجد اٹک آئل کمپنی مورگاہ، راولپنڈی۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝
خبردار! بے شک اللہ کے دوستوں کو کوئی خوف خطرہ نہیں ہے۔ وہ نہ پریشان ہونگے۔
(سورۂ یونس پارہ ۱۱ رکوع ۶)

اَمَّا بَعْدُ!

برِصغیر میں سلسلہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ اور مجددیہ کے علاوہ دیگر سلاسل کے ممتاز و نامور بزرگوں نے رُشد و ہدایت کے ضمن میں گہرے اور روشن نقوش چھوڑے ہیں۔ ان اکابر بزرگان نے انسانی معاشرے کو برائی سے محفوظ رکھنے کے لئے بڑے دُور رس اقدامات کئے ان اقدامات میں ایک بات یہ بھی شامل تھی کہ ہر سلسلہ تصوف ”ختم ہائے بزرگان“ کا جُدا جُدا طریقہ وضع کر کے اسے عام کیا اور اپنے مریدوں کو بھی اس پر کاربند رہنے کی ہدایت کی۔ آج کے

Marfat.com

تجدّد پسندانہ دور میں اس طرح کے رُجحانات کو فرسودہ قرار دینے والے بھی کچھ کم نہیں، لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ اس طرح کے وہ ختم ہائے خواجگان" کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اچھّے حالات کے ساتھ ساتھ آزمائش اور امتحان کی عارضی گھڑیوں کے دوران بھی ان کے ذریعے انسان کا گہرا تعلق اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ قائم رہتا ہے اور انسان اللہ اور رسُول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم سے امداد و تائید کا طلب گار رہتا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ان ختم ہائے خواجگان کے سلسلے میں جو پاکیزہ مجالس قائم ہوئیں اور ذِکر و فکر کی جو محافل قائم ہوئیں ان کے پاکیزہ اثرات نے انسانی مُعاشرے کو برکات و حسنات سے ہمکنار رکھا اور افراد کے دامن سعادتوں سے مالامال رہے۔ آزادی کے بعد حالات کچھ ایسی کروٹیں لیتے رہے کہ جہاں اور کئی اچھی باتیں پاکستانی مُعاشرے سے رُخصت ہوتی چلی گئیں، وہاں رُوحانیت کے اثرات بھی اہلِ مُعاشرہ سے الگ و جُدا ہوتے گئے، حالانکہ رُوحانی تعلیمات و رُجحانات نے مُعاشروں کو بُرائیوں اور قباحتوں کے عذاب سے ہمیشہ محفوظ رکھا۔ اور انسان کے رشتے اللہ سے برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس دولت سے محرومی کے بعد ہمارا پاکستانی مُعاشرہ اور اس کی نئی پود کا بڑا حصّہ رُوح کی نشو و نما، آسودگی اور دِل کے سکون سے محروم ہے اور بے ذوق سجدوں نے اس سے بہت کچھ چھین لیا ہے، چنانچہ جو مسلک تصوّف کے نامی گرامی سلسلوں کے بانی بزرگانِ کرام نے محض اِصلاحِ مُعاشرہ اور تزکیۂ نفس و کردار نے فروغ دیا تھا، اِس کے احیائے نو کے بدلے

Marfat.com

کے تحت مصنّف ملک محمد اشرف نقشبندی نے ہر سلسلۂ تصوف کا
وہ طریق ختم" حاصل کر کے اسے کتاب کی صورت دے دی ہے
مصنف کتاب ہٰذا خلیفہ ملک محمد اشرف نقشبندی نے اس طرح
مُعاشرے کی بہت بڑی خدمت کی ہے۔ آج کل پاکستانی مُعاشرہ
جس طرح کے پریشان کن حالات و مسائل سے گذر کر عذاب ناک
سا بنتا جا رہا ہے، اس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ ہم اپنے پاکیزہ و
سَربُلند رُوحانی ماضی سے روشنی مانگ کر اپنے آج کے اخلاقی
اور قلبی امراض کا علاج کرنے کی طرف راغب ہوں اور اِسی
ضرورت کو سامنے رکھ کر واجب الاحترام مُصنّف مَلک محمّد
اشرف نقشبندی نے یہ کتاب مدّون کی ہے۔

ہماری دُعا ہے کہ :۔

اللہ تبارکؔ و تعالیٰ خلیفہ ملک محمد اشرف نقشبندی
کا یہ مشن اور مقصد پُورا ہو۔ اور زورِ قلم اور زیادہ ہو۔
اور مسلمان کبھی ان کی اس تصنیف سے پُورا پُورا فائدہ
اُٹھائیں۔ آمین!

خدا رحمت کنند ایں عاشق پاک طینت را

والسّلام

غلام محی الدّین سُلطان نقشبندی غفرلہٗ
خطیب مرکزی جامع مسجد مورگاہ، راولپنڈی

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

Marfat.com

حمدِ باری تعالیٰ

اے خدائے منزہ پاک بے ہمتا توئی
ہے مبرا شرک سے رازق یکتا توئی
اے ربِ ذوالجلال خالقِ ارض وسما
شان تیری لازوال مالکِ عرشِ علیٰ
اے ربِ کریم اے بے نیاز
حیات و عقبیٰ میں ہمارے کارساز
بخش رحم کرکے اے کردگار!
عصیاں سے بندہ ہے شرمسار
تو جبار بھی قہار بھی یا حاضر و ناظر
تو ستار بھی غفار بھی یا حافظ و ناصر
تو معبود و مقصود لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ
حبیب حامد و محمود محمدٌ الرسولُ اللّٰہ
تو غوث بھی مغیث بھی اَلغیاث اَلغیاث
فریاد رس یا ربی اَلغیاث اَلغیاث

از حضرت نقشِ محبوب ذات رحمۃ اللہ علیہ
مفتی سید افتخار احمد حسین غوث قدس سرہ العزیز

Marfat.com

نعت

رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

محمدِ مصطفےٰ شرفِ نبوت فخرِ زمانہ
صدرِ معظم بدرِ منور فردِ یگانہ
تاجِ رحمت خلّۂ اظہر نورِ تجلّیٰ!
بُراق مرکبِ معراج جن کا عرشِ مُعلّیٰ
کانِ کرم نورِ مجسّم مرکزِ محور
شافعِ محشر دافعِ مشکل حامیٔ ناصر
نویدِ خلیل معنیٔ لقمان دانائے سُبل
قلزمِ ایماں شانِ مکرم ختمِ رُسل
امینِ سعادت ملجا و ماوئی مولائے کل
خضر و سکندر تابعِ سرور دانائے کُل
گوہرِ یکتا عقلِ سلیمانؑ عیسیٰؑ غلامت
منبعِ مکارم ہمدمِ موسیٰؑ غوثِ نامت

از حضرت نقشِ محبوبِ ذاتؒ
علامہ مفتی الحاج سید افتخار احمد حسین غوث

Marfat.com

تصوّف

باطنی اعمال و تہذیبِ اخلاق کو تصوّف کہتے ہیں:

تشریح

تصوّف سے مُراد ہے صُوفی بننے کے لئے رنج و مشقت اُٹھانا اور اپنی کوششوں سے یہ حاصل کرنا اور صُوفیہ کا پیراہن پہن لینا۔ جب زاہد شخص زہد کے آخری درجے میں پہنچ کر ایک خاص مقام حاصل کرلیتا ہے، تو اس کے دل سے دُنیا کی تمام اشیاء کی محبّت ختم ہو جاتی ہے۔ بلکہ وہ ان سے متنفّر ہو جاتا ہے۔ اس کے دل سے ان کی خواہش دُور ہو جاتی ہے۔ تب وہ متزہد کا درجہ حاصل کرلیتا ہے۔ تمام دوستوں کی محبّت دِل سے ختم ہو جاتی ہے، دُنیاوی چیزوں کی بجائے کوئی اور ہی چیز اس کی نگاہ میں جلوہ گر ہونے لگتی ہے۔ دُشمنی، بُغض اور دُنیاوی دوستی ترک کر کے اپنے خالق کے حکم کا تابع بن جاتا ہے۔ بارگاہِ الٰہی سے حکم کا منتظر رہتا ہے۔ یہ متصوّف کا درجہ ہے۔

بعض نے تصوّف کا مطلب یہ لیا ہے کہ اللہ کے ساتھ سچّے دِل سے معاملہ رکھے اور خوش اخلاق ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ

Marfat.com

ارشاد فرماتے ہیں کہ جب بندہ نفلوں کے ذریعے سے میرا قرب حاصل کرلیتا ہے اور میری دوستی کا طالب ہوتا ہے تو میں اسے اسی وقت اپنا دوست بنا لیتا ہوں۔ پھر اس کے کان، آنکھیں، ہاتھ اور زبان بن جاتا ہوں۔ اس کے دِل میں داخل ہوتا ہوں۔ وہ میرے ہی حکم سے سنتا، میری ہی مدد سے دیکھتا اور میری ہی زبان سے بولتا ہے۔ سب کچھ مجھ ہی سے سنتا ہے اور مجھ ہی سے طاقت حاصل کرتا ہے۔ اس قسم کے بندے کا دل اللہ کی محبت سے بھرا ہوتا ہے خُدا ہی کے علم، نور اور معرفت سے منور ہوتا ہے۔

فَنَافِی الشَّیخ

جو مرید اپنے شیخ کے اندر جذب ہو جاتا ہے اور اپنی ہستی کو مٹا کر شیخ کی ہستی میں مٹا دیتا ہے اور وہ نہیں رہتا، بلکہ اس کے اندر سے شیخ ہی بولتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں اپنی ذات کو شیخ کی ہستی کے اندر فنا کر دیتا ہے۔ اُسے فنا فی الشیخ کہتے ہیں۔

فَنَافِی الرَّسُول

فَنَافِی الشیخ کے بعد دوسرا درجہ فَنَافِی الرَّسُول کا آتا ہے۔ اور اب سالک اپنے آپ کو نورِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ضم کر دیتا ہے۔ اپنی ہستی کو مٹا ڈالتا ہے۔ سوائے رسول ﷺ اللہ کے اس کو

کوئی چیز نظر نہیں آتی، اُسے فنا فی الرسول کہتے ہیں۔

فنا فی اللہ

راہِ تصوف میں فنا فی اللہ کا آخری مقام ہے۔ اس مقام پر سالک اپنے آپ کو بھول جاتا ہے اور وہ اپنے آپ کو انوارِ الٰہی میں گم پاتا ہے۔ جس کے اسرار و رموز نہ سمجھے جا سکتے ہیں اور نہ سمجھائے جا سکتے ہیں۔ اس کے حال سے اللہ ہی واقف ہوتا ہے یہ مقام وہ مقام ہے، جب اس کی زبان سے اللہ بولتا ہے۔ بس اس کی خبر کسی کو نہیں ہوتی اور نہ ہی اُسے کسی کی پرواہ ہوتی ہے کوئی کیا کرتا ہے، کوئی کیا کر رہا ہے۔

بندۂ پروردگارم اُمّتِ احمدِ نبیؐ
دوستدارم چار یار تابع اولادِ علیؓ
مذہب حنفیہ دارم ملّت حضرتِ خلیلؑ
خاک پائے غوثِ اعظمؒ زیرِ سایہ ہر ولی

میں نئیں سبھ توں جل جلالہٗ

ربا میرے حال دا محرم توں ج
اندر توں ج، باہر توں ج روم روم وچہ توں ج

98429

توں ہی تاناں توں ہی باناں سبھ کجھ میرا توں
کہے حسین فقیر سائیں دا میں ناہیں سبھ توں

(شاہ حسین)

دُعا

پیر صوفی محمد رفیق قادری سلطانی کیطرف سے دُعا

اللہ

اُنہیں اپنے جلوے دِکھا دے خُدایا
مِلا دے مِلا دے مِلا دے خُدایا

اُنہیں مُصطفیٰ ﷺ سے مِلا دے خُدایا
غوثِ الاعظم رضؓ کے جلوے دکھا دے خُدایا

اُن کے مُریدوں کو اپنا بنا لے خُدایا
اُنہیں اپنے جلوے دِکھا دے خُدایا

اُنہیں نُور اپنا دِکھا دے خُدایا
اُنہیں دِین و دُنیا دِلا دے خُدایا

اُنہیں اپنا بندہ بنا دے خُدایا
اُنہیں اپنی اُلفت دِکھا دے خُدایا

اُنہیں اپنے جلوے دِکھا دے خُدایا

رفیقوں کو رفاقت سِکھا دے خُدایا
اُنہیں انبیاءِ اولیاءِ سے مِلا دے خُدایا

محمد رفیق قادری کو اپنا بنا لے خُدایا
اِن سب بیماروں کو شفاء دے خُدایا

اُنہیں اپنے جلوے دِکھا دے خُدایا

پتہ: مرکزی آستانہ قادریہ رفیقیہ سلطانیہ، ٹھٹھہ خلیل روڈ، قادری نگر ٹیکسلا ضلع راولپنڈی

Marfat.com

لفظِ اللہ میں حمدیہ کلام

دِل بے مُدّعا ہے میں نہیں ہوں
کوئی دَم کی ہوا ہے میں نہیں ہوں

حضرت سیّد معین الدین شاہ صاحب
المعروف لالہ جی گولڑہ شریف
کی تحریر ہے۔

Marfat.com

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

"اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور اس کی طرف وسیلہ تلاش کرو اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں تاکہ تم فلاح پاؤ"
(القرآن)

پیر کامل کی صحبت میں رہنے کی اہمیت

اسی لئے پیر کامل کی مجلس سے فیض یاب اور دربارِ گوہر بار مرشد میں رہ کر شریعت و تصوف کے قابل خود کو بنانا لازمی ہے۔ دیکھئے برتن کی ذات نے اپنے کاریگر کی خدمت میں اپنے آپ کو کس طرح تابعدار کر کے پیش کیا۔ کہ کاریگر نے اسے صاف کیا۔ گوندھا، تھپکایا اور اپنی مرضی سے اس کی وضع بنائی۔ پھر اسے پکایا، تب جا کر وہ عزت سے کانوں اور گھروں میں سجانے کے قابل ہوا۔ اور اسے بادشاہوں اور اللہ تعالیٰ کے پیاروں کی محفل میں حاضری نصیب ہوئی۔

اسی طرح طالبِ علم اور مرید کے لئے مثال ہے اور اس طرح کئی دفعہ ناقابل کو بھی قابلیت مل جاتی۔ جیسے شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

داد حق را قابلیت شرط نیست — بلکہ شرط قابلیت داد دست

حق کی عطا کی شرط صرف حق کی ہے عطا — خود قابلیت آتی ہے جب وہ عطا کرے

Marfat.com

جدا وہ آجاوے دے تے توفیق بھی خود آجاندی اے
توُں مُرشد دا پروانہ بن جیتھے بخشش چھاتی پاندی اے

پیر پکڑنے میں احتیاط:

جب مُرید کو دل و جان سے اپنے پیر پر قربان ہو کر ہی کچھ حاصل ہوتا ہے، تو پھر اُسے بہت سوچ سمجھ کر پیر پکڑنا چاہیئے۔ کیونکہ لباسِ خضر میں یہاں سینکڑوں رہزن بھی بیٹھے ہیں۔ اگر دُنیا میں رہنا ہے تو کچھ پہچان پیدا ہو۔

ابنِ سیرین رحمتہ اللہ تعالیٰ عَلَیہ نے کیا خوب فرمایا ہے:
اِنَّ ھٰذَا الْعِلْمَ دِیْنٌ فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَاخُذُوْنَ دِیْنَکُمْ (مشکوٰۃ شریف کتاب العلم) یعنی یہ عِلم دین ہے۔ بس پہلے دیکھ لو تم اپنا دین کس سے حاصل کر رہے ہو۔ پگھلی ہوئی دھات سانچے میں اسی شکل میں منتقل ہو جاتی ہے۔ اِسی طرح محبت میں گرویدہ اپنے محبوب کے خصائل میں ڈھل جاتا ہے، جیسا محبُوب ہو گا۔ ویسا عکس پڑے گا۔ اس لئے پہلے دیکھ لو، کہ تمہارا محبُوب اللہ تعالیٰ اور حضور نبی کریم صلی اللہ عَلَیہ وآلہ وسلم اور اَولیاءِ اللہ کے موافق ہے یا مخالف، اگر موافق ہو تو اس کے مُرید بن جاؤ، تاکہ دونوں جہانوں میں کامیابی سے ہمکنار رہو۔ مُرید ہونے کے بعد ایسے عابد اور نیک بن جاؤ کہ تمہارا انجام بخیر ہو اور تمہارے پیر و مُرشد کا نام روشن ہو۔ ایسا نہ ہو کہ پیر و مُرشد صاحب کے نام

Marfat.com

تو تمہارے اعمالِ بد سے دھبہ لگے گا۔ درود شریف کا وِرد پڑھاؤ
رپچھلی رات کو بیدار ہو کر تہجد کی نماز پڑھو اور دُعا مانگو۔ امام غزالی
مۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ جس کا کوئی پیر نہیں اُس کا پیر شیطان ہے۔
(ملفوظاتِ غزالی)

بیعت کی اہمیت

چونکہ بیعت طریقت کے بعد اصلاحِ احوال اور تزکیۂ نفس
اصل مُدعا ہے جو ذکرِ الٰہی، مراقبہ، رابطہ اور صُحبتِ شیخ ہی سے
حاصل ہو سکتا ہے اس لئے حضرت صاحب مدظلہٗ نے اس کے
لئے جگہ جگہ حلقہ ہائے ذکر و فکر قائم کر دیئے ہیں تاکہ ہر خاص و
عام اِس فیضِ رُوحانی سے مُستفید ہوتے رہیں۔

ختمِ خواجگان کے فضائل و برکات تو بہت ہیں، مگر طوالت
کے خوف سے یہاں پر چند ایک درج کیئے جاتے ہیں:۔

۱: اس کی برکت سے نفس و شیطان جیسے صعب ترین دشمن
سے حفظ و امان نصیب ہوتا ہے۔

۲:۔ اِس کی برکت سے اللہ کریم اپنے سوا ہر کسی کی محتاجی سے
بچاتا ہے۔

مشکل سے مشکل مہمات و حاجات کے لئے تین روز متواتر
ختمِ خواجگان پڑھ کر دُعا کرنے سے اللہ تبارک و تعالیٰ مشکلات و
مہمات کو حل فرماتا ہے۔ الغرض برائے حاجات و مہمات و جزوی و
برائے امان دُشمن اور قحط و بلا بالخصوص کشائشِ باطنی کے لئے نہایت

Marfat.com

مؤثر و مفید ہے۔ اِسی سے ہزارہا حاجتیں پُوری ہوتی ہیں۔ نیز
حضراتِ خواجگان قدس اللہ اسرارہم کا مجرّب و آزمودہ ہے۔
اکابرینِ سلاسل کے اَوراد کا مجموعہ ہے۔

ذیل کے ختم شریف کی خصوصیت یہ ہے کہ جمیع سلاسل طریقت
کے اکثر اَوراد اِس میں پڑھائے جاتے ہیں۔

برادرانِ طریقت کی خدمت میں التماس ہے کہ ان مجالس ذکر و
فکر کا اہتمام کر کے دین و دُنیا کی کامیابی و کامرانی حاصل کریں۔ اور ہر
سوموار کو تین بجے دربارِ حسینی فیض رساں بھنگالی شریف پہنچ جایا کریں۔

ہدایاتِ شیخ

۱ : مُرید پر لازم ہے کہ ہر حال میں صدق اختیار کرے۔

۲ : باوضو رہنا نہایت اَولیٰ و اَعلیٰ ہے۔

۳ : نمازِ باجماعت اَدا کرنے کی کوشش کرے۔

۴ : نمازِ جُمعہ قضا نہ کرے۔

۵ : کم گُفتن و کم خوردن و کم خفتن کی عادت ڈالے۔

۶ : ہر حال میں صداقت کو اپنا شعار بنائے۔ کیونکہ صادقین کا رتبہ بُلند و بالا ہے۔

۷ : کسبِ معاش کے لئے پُوری کوشش کرے اور رزقِ حلال کو شعار بنا کر توکّل پر گامزن ہو جائے۔

۸ : قرآن مجید کی تلاوت روزانہ کا معمول بنا لے۔ باعثِ خیر و

Marfat.com

برکت اور نجات ہے۔

: محض عبادت کی غرض سے ریاضت کرنا اولیائے اکرام کا منصب ہے۔

: ہر حال میں اپنے مرشد و پیرانِ عظام کی ظاہری و باطنی پیروی کرے اور ان کے احکام پر عمل کرے۔

: بحث و مباحثہ سے پرہیز کرے۔

۱: بغض و عناد و حسد سے سینے کو پاک کرے۔ بندگانِ خدا کا خود کو خادم سمجھے۔ مخدوم بننے کا خیال بھی دل میں نہ لائے۔

۱: اپنے کو دوسروں سے کم تر سمجھتا رہے۔

۱۱: اپنے شیخ شریعت و طریقت سے رابطہ بے حد مضبوط رکھے۔ جس قدر مضبوط پیر کی گرفت ہوگی، اتنا ہی زیادہ فائدہ ہوگا۔

۱۲: توبہ استغفار کو اپنا شعار بنائے اور ہر حال میں راضی برضائے الٰہی رہے۔

۱۳: دُنیا بقدرِ ضرورت دُنیا نہیں ہے۔ لہو و لعب سے بچے موت کا ہر وقت خیال رکھے۔

آداب

مجلس کے آداب اور طریقۂ ذکر نفی اثبات اور اسمِ ذات بالجہر اور خفی دونوں حالتوں میں بکثرت مشغول ہوں۔

Marfat.com

نفی اثبات:

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ۔

اسمِ ذات:

اَللّٰہُ ھُوْ۔

ذکرِ حقّ

لَآ اِلٰـہَ — اِلَّا اللّٰـہ

نفی — ذکرِ لسانی — اثباتِ ھُو

اسمِ ذات اللہ — ذکرِ قلبی — اسمِ اشارہ

ہدایاتِ مُریدین

اے عزیز! تم کو جاننا چاہیئے کہ ایمان سب نیکیوں اور عبادتوں کی جڑ ہے۔ کوئی نیکی اور عبادت بغیر ایمان کی دُرستی کے قبول نہیں ہوتی۔ اس لئے ہر مُسلمان مرد اور عورت کو لازم ہے کہ ہر صبح کو صفتِ ایمان مفصّل یعنی اٰمنتُ بِاللّٰـہِ الخ چھ کلمے اور استغفار

Marfat.com

پڑھا کرے، یاد رہے کہ ایمان دو صفت پر ہے۔ ایمانِ مفصّل اور ایمانِ مُجمل، بامعنی وِرد رکھے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:۔

۱: قُلْ لَّآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی۔

۲: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَفِیْ قَلْبِهٖ حُبُّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَوْلَادِ عَلِیًّا مَّاتَ شَهِیْدًا۔

ترجمہ: مرتے وقت جس کے دِل میں آلِ محمدؐ اور حضرت علیؓ کی اولاد سے محبت ہے اس کو شہید کا ثواب ملے گا۔

۳: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَکْرِمُوْا اَوْلَادِیْ۔

ترجمہ: میری اولاد کی تعظیم کرو۔

۴: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ کَرَّمَ اَوْلَادِیْ فَقَدْ اَکْرَمَنِیْ وَمَنْ اَکْرَمَنِیْ فَقَدْ اَکْرَمَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَنْ اَهَانَ اَوْلَادِیْ فَقَدْ اَهَانَ لِیْ وَ مَنْ اَهَانِیْ فَقَدْ اَهَانَ اللّٰهُ وَ مَنْ اَهَانَ اللّٰهَ فَقَدْ کَفَرَ مَعَ اللّٰهِ تَعَالٰی فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ۔

ترجمہ: جس نے میری اہل کی تعظیم کی جس نے

Marfat.com

میری اہلبیت کی گستاخی کی اس نے میری گستاخی کی۔
اُس نے اللہ کی گستاخی کی۔ وہ دُنیا و آخرت میں یقیناً
کافر ہو گیا۔

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
وَسَلَّمَ حَسَبٍ وَنَسَبٍ یَنْقَطِعُ بِالْمَوْتِ
اِلَّا حَسَبِیْ وَنَسَبِیْ۔

ترجمہ: موت سے تمام رشتے ناطے ٹوٹ جاتے
ہیں، سوائے میرے حسب نسب کے رشتہ ناطہ کے۔

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ
قُلُوْبُ الْمُؤْمِنِ عَرْشُ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

ترجمہ: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! مومن
کا دل اللہ تعالیٰ کا عرش ہے۔

مسجد اندر روئے اولیاء است
سجدہ گاہے جملہ است اینجا خدا است

ترجمہ: اولیاء کا چہرہ مبارک مسجد کے مثل ہے اس
جگہ چہرہ پر جلوۂ خدا ہے جو سب کی سجدہ گاہ ہے۔

Marfat.com

مولانا روم نے کیا خوب فرمایا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
چوں تو ذاتِ پیر را کردی قبول
ہم خدا در ذاتش آمد ہم رسولؐ
سرمہ کن در چشم خاکِ اولیاء
تا بہ بینی ابتداء تا انتہاء
یک زمانہ صحبتِ با اولیاء
بہتر از صد سالہ طاعتِ بے ریا

پیرِ طریقت (شیخ) کی ضرورت

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے۔

اَلعِلمُ عِلمَان : عِلم الابدان و علم الادیان۔

چونکہ دُنیا کے اندر علم کی فضیلت کے بغیر اور کوئی فضیلت والی چیز نہیں۔ عظمت و جلالِ الٰہی کو وہی پہچان سکتا ہے جس کو اللہ تبارک تعالیٰ نے علم کی دولت عطا فرمائی ہے۔ چنانچہ ارشادِ ربانی ہے:۔

اِنَّمَا یَخشَی اللہَ مِن عِبَادِہِ العُلَمَاء

Marfat.com

(یعنی اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے وہی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں جو عالم ہوتے ہیں)

اور جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچانا اس کا علم اعلیٰ درجے کا ہے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ (یعنی گواہی دیتا ہے اللہ کہ کوئی الوہیت والا نہیں سوائے اس کے اور گواہی دیتے ہیں، ملائکہ اور علم والے)

علم کی دو مشہور شاخیں ہیں ایک علوم تو وہ ہیں جن کو دُنیاوی علوم عرفِ عام میں کہتے ہیں۔ آگے ان کی بھی بے شمار شاخیں ہیں، جو مختلف مضامین مفیدہ پر مشتمل ہیں۔ دُوسرا علم علمِ معرفتِ الٰہی ہے۔ یہ علم کی وہ شاخ ہے جس کا معلم خود پروردگارِ عالم ہے۔ یہ علم انبیاءِ کی وساطت سے لوگوں تک پہنچتا رہا۔ تاآنکہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث فرما کر تمام دُنیا کے لئے قیامت تک کے انسانوں کی راہنمائی کے لئے اپنی نعمتوں کی انتہا کر دی۔ چنانچہ ارشاد فرمایا: اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ۔ چنانچہ اَب قیامت تک نہ تو کوئی نبی دُنیا میں آئے گا اور نہ ہی اسلامی علوم کے علاوہ کسی اور دین کی مخلوقِ الٰہی کو ضرورت ہوگی۔ اَب اللہ کی معرفت کا صرف ایک ہی راستہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے اور سکھائے ہوئے طریقوں پر عمل کیا جائے۔

چونکہ اَب قیامت تک کسی نئے نبی نے نہیں آنا اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے قیامت تک بندوبست کر دیا ہے کہ دین کو

Marfat.com

سکھانے اور عمل کرانے کے لئے ہر وقت دن رات بلکہ ہر مُلک اور خطے میں اللہ تعالیٰ کی معرفت کے علوم کو پہنچانے کا عمل جاری و ساری رہتا ہے، یہ ذمہ داری جس مقدس گروہ کے حوالے کی گئی ہے۔ یہ گروہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اُمّت کے عُلماء ہیں جو روشنی کے چراغ ہیں اور دن رات محنت کر کے علومِ شرعیہ حاصل کرتے ہیں، اور ان علوم پر عمل کر کے تقویٰ کے اعلیٰ ترین مقام تک پہنچے ہیں اور لوگوں کی رہنمائی فرماتے ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہے۔

العُلماء ورثۃ الانبیاء (اور انبیاء کے وارث عُلماء ہیں اور انبیاء نے کچھ درہم و دینار کی میراث نہیں چھوڑی، بلکہ علم ہی میراث چھوڑا ہے، سو جس نے اس علم کو لیا، اس نے بھر پور حصّہ لیا۔

(رواہ الامام احمد والترمذی وابوداؤد و ابنِ ماجہ والدارمی)

جس طرح باقی علوم حاصل کرنے کے لیئے ان علوم کے ماہرین کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے، اسی طرح دین کا عِلم حاصل کرنے کے لئے بھی اس کے ماہرین کی طرف رجوع کرنا لازمی ہے۔ آپ خود بخود ڈاکٹری کی کتابیں پڑھ کر ڈاکٹر نہیں بن سکتے۔ اسی طرح راسخین فی العلمِ کی تعلیم کے بغیر آپ علومِ شریعہ والطریقہ سے بھی کچھ حاصل نہیں کر سکتے۔ اس کے لئے لازم ہے کہ آپ کو عالم کامل کو اپنا راہبر تسلیم کریں، اور اپنا آپ اس کی جھولی میں ڈال دیں تاکہ وہ بھی آپ پر نظرِ شفقت کر کے آپ کو اپنا (شاگرد) بنالے۔ پھر ایک زمانہ صحبت با اولیاء بہ از طاعت صد سالہ بے ریا۔ آپ اگر سو سال بھی اپنے طور پر کوشش کرتے رہیں، لیکن ولی کامل کی ایک صحبت اور ایک نظر

Marfat.com

سے آپ کی قلبی ماہیت بدل سکتی ہے۔

یہ وہ نگاہ نبیؐ ہوتی ہے جو عمر کو حضرت عمر فاروق رضؓ بنا دیتی ہے اور عرب کے بادیہ نشینوں کو تاج سردارا عنایت فرما دیتی ہے۔ آپ یقین رکھیں کہ نبوت کا فیض نہ تو بند ہوا ہے اور نہ ہی منقطع۔ بلکہ یہ تو قیامت تک جاری رہے گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وُرثاء (علماءِ ربّانی) کی وساطت سے جب تک دُنیا قائم رہے گی، یہ جاری رہے گا، کیونکہ یہ تو وہ حضرات ہیں، جن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یدِ بیضاء لئے بیٹھے ہیں۔ آستینوں میں ارادت ہو، تو دیکھ ان کو۔

یہ اللہ کے دوست ہوتے ہیں۔ انہی کو اولیاء اللہ کہتے ہیں انہی کے سلاسل عالیہ کو تصوّف کے سلسلے کہا جاتا ہے۔ آپ چاہے کسی بھی سلسلے کے کسی بھی بزرگ کے دستِ حق پرست پر بیعت کریں۔ یہ تابعداری رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا درس دیتے ہیں اور قدم قدم پر آپ کی رہنمائی کرتے ہیں کہ سالک بے خبر نہ بود زرہ و رسم منزل ہا۔

یہ آپ کو خلوص فی العمل اور خلوص فی النیّت کی علمی و عملی تربیت دے کر آپ کو منزلِ مقصود یعنی تعلق مع اللہ اور حصولِ رضائے الٰہی تک پہنچاتے ہیں۔

اِس لئے راہِ حق کے متلاشی کو لازماً پیرِ طریقت اور شیخ کی ضرورت ہے کہ اس کے بغیر راہِ حق کا سفر کٹھن اور جان جوکھوں کا کام ہے۔ اور منزل تک پہنچنا محال ہے۔

Marfat.com

چونکہ یہ دین قیامت تک باقی رہنے کے لئے آیا ہے اس لئے قیامت تک اِس میں انبیاء نہیں آئیں گے۔ بلکہ اولیاء اللہ آتے رہیں گے۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم صحیح کو تلاش کر کے اُن کے دامن سے وابستہ رہیں دین و دُنیا کی فلاح حاصل کریں۔

والسّلام

خلیفہ ملک محمد اَشرف نقشبندی قادری چشتی

کلر یالہ گجراں۔ راولپنڈی

کافی

هو کامل پیر دے سائے
جیہڑا پل وچہ بھرم گوائے

جو حکم کرے توں سوہی کر
بھاویں اُلٹا آوے تیری نظر

کر جو کجھ او فرمائے
هو کامل پیر دے سائے

بناں پیر دے ملدا راہ نہیں
بے گر جھیا کوئی گمراہ نہیں

ایویں مورکھ عمر گوائے
هو کامل پیر دے سائے

واہ واہ مردِ مکمل طاہر ہیں
جو کامل عارف ظاہر ہیں

خود مولا صفت سُنائے
هو کامل پیر دے سائے

حُب کامل پیر دی پیر کرے
پئی نظر دے وچہ تاثیر کرے

سَب خودی خیال ونجائے
هو کامل پیر دے سائے

Marfat.com

ہو عاشق پیر دی صورت دا | پا برقعہ اس دی مورت دا
تیری ہستی وہم مٹائے | ہو کامل پیر دے سائے
او غلام اشرف لنگھ پار گئے | جتھے کامل پیر دے سرن پئے
پھڑ باہوں پار لنگھائے | ہو کامل پیر دے سائے

حضرت مولانا رومؒ فرماتے ہیں!

از جوارِ طالبان طالب شوی
از جوار غالبان غالب شوی

ترجمہ: جو بُروں کے پاس بیٹھے وہ بُرا ہو جائے گا۔ نیک ہونے کے لیئے نیکوں کی صحبت چاہیئے۔

ہم نشینی صالح ترا صالح کند
ہم نشینی طالح ترا طالح کند

حدیث:۔

اَلصُّحْبَۃُ مُؤَثِّرٌ

(یعنی صحبت اپنا اثر کر جاتی ہے۔)

Marfat.com

یا صاحبَ الجمالِ و یا سیّدَ البشر

مِن وجہکَ المنیرِ لقد نوّرَ القمر

لا یمکنُ الثناءُ کما کانَ حقّہٗ

بعد از خدا بزرگ توئی قصّہ مختصر

Marfat.com

در بیانِ آنکہ ہر ایک حاجت کیلئے کسی بندہ خدا سے دُعا کرانی چاہیئے

عندلیبان شریعت و قمریانِ طریقت اِس طرح زیبائی سے قلم فرسائی فرماتے ہیں کہ جس وقت کوئی دشوار مہمات حاجات دینی و دُنیاوی دَرپیش آئے تو طالبِ طریقت کو چاہیئے کہ اَپنے جُملہ سِلسلہ شریفہ بوسالت مُرشد صاحب خود مدِنظر حضور پکڑ کر رجوعات قائم کرکے دُعا کرے، تو اِنشاء اللہ تعالیٰ خداوندِ کریم اَپنے فضل وکرم سے منظور فرمائے گا۔ ورنہ اپنے مُرشد یاکسی دیگر مشائخ کمال سے جاکر اِلتجائے دُعا کرے، لیکن بہتر یہ ہے کہ اَپنے مُرشد کے ہی دامن گیری سے التجائے دُعا کرے، اِس کی مثال یہ ہے کہ ایک شخص کے خانہ میں چراغ جلاکر اپنے خانہ کی ظلمت کو چراغ کی روشنی سے دُور کردیا۔ اَیسی طرح دُوسرے سے جاکر اِلتجائے دُعا کر اَپنی حاجت کو سرانجام کرلیوے۔ جیساکہ مولانا رُوم علیہ الرحمۃ مثنوی شریف میں بطریقہ مذکور کے مطابق مُوسیٰ علیہ السّلام کی نسبت ارقام فرماتے ہیں۔

Marfat.com

رُباعی

نہ مومن ہے نہ مومن کی امیری
رہا صوفی گئی روشن ضمیری
خدا سے پھر وہی قلب و نظر مانگ
نہیں ممکن امیری بے فقیری

(علامہ اقبال ؒ)

رُباعی

رگوں میں وہ لہو باقی نہیں ہے
وہ دل، وہ آرزو باقی نہیں ہے
نماز و روزہ و قربانی و حج
یہ سب باقی ہے تو باقی نہیں ہے

(علامہ اقبال)

Marfat.com

پوری کائنات میں

- ــــــ نہ کوئی انسان محمد ﷺ جیسا
- ــــــ نہ کوئی کلام قرآن جیسا
- ــــــ نہ کوئی مذہب اسلام جیسا
- ــــــ نہ کوئی سچا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جیسا
- ــــــ نہ کوئی عادل عمر فاروق رضی اللہ عنہ جیسا
- ــــــ نہ کوئی سخی عثمان غنی رضی اللہ عنہ جیسا
- ــــــ نہ کوئی بہادر علی رضی اللہ عنہ شیرِ خدا جیسا
- ــــــ نہ کوئی صابر شہید سخی حسین رضی اللہ عنہ جیسا

نبی ﷺ نانا علی علیہ السلام بابا سخاوت ہو تو ایسی ہو

چلے خنجر کرے سجدہ عبادت ہو تو ایسی ہو

Marfat.com

شجرہ شریف کی ضرورت و حکمت

۱ : جس طرح اہلِ علم و فہم کے نزدیک اہم اور ضروری امور ہیں نسبت و سند لازمی ہے۔ مثلاً روایاتِ دینیہ کی سندِ عین اُسی طرح طریقت و اصلاحِ باطن (تصوف) میں سلسلہ نسبت و سند بزرگانِ دین لازمی ہے اور اس کو شجرہ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۲ : پھر جس طرح روایاتِ دینیہ کی اسناد کا باقی رکھنا اور معلومات ہونا ان روایات سے متعلق احکام میں ازبس ضروری ہے بلکہ اسی پر انحصار و مدار ہے۔ تو اسی طرح شجرۂ طریقت کا باقی رکھنا اور یاد رکھنا طریقت کے فیوض و برکات اور دیگر امور کے واسطے ازبس ضروری اور لازمی ہے۔

۳ : شجرہ شریف میں مذکور بزرگانِ دین کے اسمائے گرامی پڑھ کر سُن کر مُرید میں ذوق و شوق اور اصلاح باطن و ظاہر کا جذبہ بیدار ہوتا ہے اور تصوف یا طریقت کی برکت سے قلب و باطن کی صفائی ہو جاتی ہے اور اس طرح درویش کمال کی منزلیں طے کرتا ہوا وہاں پہنچتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ مقدسہ کا پرتو اور عکس اس کے آئینہ میں ظہور پاتا ہے۔ صوفیائے کرام کی اصلاح میں اسے متخلق باخلاق اللہ یا متصف باوصاف اللہ سے تعبیر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ وحدہ لا شریک کا فرمان ہے۔

Marfat.com

فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ یعنی تم میرا ذکر کرتے رہو میں تمہارا ذکر کرتا ہوں تو جو بزرگانِ دین با صفا بندگانِ خدا کو شجرہ سلسلہ مبارکہ میں ہیں۔ اِن کا ذکر و یاد بھی ضرور اس کا موجب ہے کہ وہ بھی اپنی شان و صفت خداداد سے اپنے متوسل و نسبتی (شجرہ پڑھنے والے) کو یاد فرمادیں، اور اس پر کرم و عنایت و دعا سے توجہ فرما کر اس کی جھولی مرادوں سے بھروا دیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کرتا ہے، تب ہی تو تصوف کے تمام سلسلوں میں شجرۂ شریف کا پڑھنا معمول ہوا ہے اور ہر زمانہ کے صُلحاء اور اولیاءِ اللہ نے اسے مقبول و مندوب قرار دیا ہے۔

(ماخوذ از جامع الخیرات شریف تصنیف حضرت خواجہ محبوب آبادی محدث ہزاروی دامت برکاتہم العالیہ حویلیاں (ہزارہ)

جِس نے ترک کی نماز

فجر کی: اُس کے چہرے سے نُور ختم کیا جاتا ہے۔

ظُہر کی: اُس کی روزی سے برکت ختم کر دی جاتی ہے۔

عصر کی: اُس کے بدن سے طاقت ختم کر دی جاتی ہے۔

مغرب کی: اُس کی اولاد سے اُس کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

عِشاء کی: اُس کی نیند سے راحت ختم کر دی جاتی ہے۔

(الحدیث)

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ

الٓمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	نٓ
الٓمٓصٓ	حٰمٓ	یٰسٓ
كٓهٰیٰعٓصٓ	قٓ	اٰمِیۡنَ

رزق کی فراخی کے لئے

اس نقش کو دکان یا مکان میں لٹکانا باعثِ برکت ہے اور صبح زیارت کرنا بھی مفید ہے۔

جادو کاٹنے کے لئے

اول وآخر تین دفعہ درود شریف پڑھیں۔ پھر ان حروف مقطعات کو گیارہ مرتبہ تلاوت کر کے ہاتھوں پر پھونک کر سارے جسم پر پھیر لیں۔ ہر قسم کا جادو کاٹنے کے لئے اکسیر ہے۔

Marfat.com

ہر بلا آفت سے محفوظ

"ہر مشکل آسان"

۷۸۶
۹۲ صلعم

ھُوَالنقیبُ ھوالحسن ھوالعنایت ھوالرضا

ھوالحیّ القیوم ھاالمزی لایمُوت

جنابِ غوث الاعظم شاہ جیلانی رح

بود ایں خانہ را دائم نگہبان

یا فاطمہؑ یااللہ ۷۸۶ یامُحمّدؐ یاعلیؑ

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یاحُسینؑ یاشاہ ابوالعلا کربلا یاحَسنؑ

الٰہی خیر گردانی بابحقِ شاہِ جیلانی رح

دھن دھن بی بی آمنہؓ جس احمدؐ سا جایا

جا و باگھر اپنے اپیتھے سرورِ عالمؐ آیا

Marfat.com

اَحکامُ الحجّ والعُمرۃ

تلبیہ

لَبَّیْکَ ، اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ ط لَبَّیْکَ

لَاشَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ ط اِنَّ

اَلْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکُ ط

لَاشَرِیْکَ لَکَ ○

ترجمہ:

میں حاضر ہوں ۔ یا اللہ میں حاضر ہوں ، تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں ، بے شک ساری تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں اور سب نعمتیں تیری ہی دی ہوئی ہیں اور بادشاہت بھی تیری ہی ہے ۔ اے اللہ تیرا کوئی شریک نہیں ۔

Marfat.com

الٰہی خیر گردانی بحقِ شاہِ جیلانی

ختمِ غوثیہ شریف



اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

دُعَاء

یاالٰہی دیہہ صفائی میں ثنائی کی دُعاء
تُو رحیمی تے کریمی تے قدیمی پیشواء

ہے بیماری بے قراری ایہہ لاچاری دیہہ ہٹا
باہجھ تیرے کون نیڑے جو سُنے گا اِلتجا

یا ستارا یا غفارا میں بے چارا ہاں غریب
توُں ہیں والی میں سوالی کر نہ خالی ایہہ عزیز

تو رحیماں تو کریماں در پہ تیرے آ گیا
در تیرا میں چھوڑ کر کس در میں جاؤں اے خدا

○

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوۡلُ اللّٰهِ ؕ

ختمِ شریف غوثیہ کلاں

سیدو سُلطان فقیرو خواجہ مخدوم وولی
بادشاہا شیخ مولینا محی الدین جلی

Marfat.com

شمع بزمِ مصطفےٰ فرزند دل بند علیؓ
از تو میخواہم مدد اے پا بدوش ہر ولی
یا قطب یا غوثِ الاعظم یا ولی روشن ضمیر
بندۂ درماندہ ام جز تو ندارم دستگیر
بردر درگاہ والا سائلم اے آفتاب
خاطر ناشاد مارا ارشاد کُن پیرانِ پیر
بندۂ پروردگارم اُمّتِ احمد نبیؐ
دوست دارِ چار یارم تابع اولادِ علیؓ
مذہب حنفیہ دارم ملّت حضرت خلیل
خاکپائے غوثِ اعظم زیر سایہ ہر ولی

○

اِلتجا

یا غوثِ الاعظم کر مدد میری خُدا کے واسطے
یا پیر لے جلدی خبر اب مصطفٰےؐ کے واسطے
بہرِ خدا مشکل کشا یا غوثِ الاعظم سیدا
ہر دم بدم لطفِ عطا، صدق و صفا کے واسطے
بے شک نوازے ہو خُدا تم پر کھا ہے مُصطفٰےؐ
سُن لو یہ میری التجا عمر بقائے کے واسطے

Marfat.com

تم پر سدا رحمت خدا اے پیر میرے رہنما
ہونا میری پشت پناہ عثمانؓ حیاء کے واسطے

یاراں اسم تم پر ختم اے شاہ کامل محترم
وہ داد اے صاحب کرم اب مرتضیٰ کے واسطے

ہے صفت تیری بے عدد تم ہو صنم احمد صمد
رکھنی شرم اندر لحد خیرالنساء کے واسطے

یا شاہ جیلاں پیر من اب آنٹی مجھ پر کٹھن
کھولو تمہیں صدقہ حسینؓ شاہِ کربلا کے واسطے

اے بادشاہ عرب و عجم مونس تمہیں ہو درد و غم
یا پیر جی تک کر کرم زین العباء کے واسطے

باقرؓ کے ہو فرزند تم جعفرؓ کے ہو دلبند تم
دل سے میرے کر دور غم کاظم رضا کے واسطے

ہے مہربان تم پر نقی تم پر رضا ہے حضرت علیؓ
دکھ دور کر سکھ دیہہ ابھی اصغر علیؓ کے واسطے

اے بادشاہ دو جہاں برکت شہ مہدی زماں
فریاد رس در ہر زماں اس مقتدا کے واسطے

اے فاطمہ کے جانِ جگر سید ابوصالح کے پسر
یا پیر جی تک کر نظر جد مصطفےٰؐ کے واسطے

اہل بیت راضی ہے تم پر بھیجوں صلوٰت اُن پر
مشکل میری آسان کر کل پیشوا کے واسطے

Marfat.com

اے محترم روشن گدا میں در تیرے پہ آکھڑا
کہ مدد میری سُن دُعا ہادی ہدٰی کے واسطے
فَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالِیْ قول ہے تیرا
بدل دے میرا حالِ زار یا محبُوبِ سُبحانی
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

○

صلوٰۃ الاسرار یعنی نمازِ غوثیہ

ترکیب :۔ جُمعرات کے روز نہا دھو کر خوشبو لگا کر نمازِ مغرب پڑھ کر دو رکعت نماز اِس نیت کے ساتھ پڑھی جاوے۔

مَیں نے نیّت کی کہ میں نماز پڑھتا ہوں اللہ تعالیٰ کے لئے دو رکعت صلوٰۃ الاسرار اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لئے اور ماسوائے اللہ کے قطع تعلق کرنے کے لئے اور ہر رکعت میں گیارہ بار سُورۃ اخلاص پڑھی جاوے اور بعد سلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تحفہ صلوٰۃ وسلام عرض کرے، پھر عراق شریف کی طرف حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے روضہ مُبارک کے استقبال کی نیّت سے گیاراں قدم چلے اور قدم پر شیخ موصوف پر اس طرح پر

Marfat.com

سلام کرے یعنی ایک ایک اسم منجملہ اسمائے جناب غوث پڑھے۔

سلام معہ اسمائے مبارک

جنابِ غوث الاعظم یہ ہیں!

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سُلْطَانُ الْاَوْتَادُ

اے اوتار کے سلطان تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سُلْطَانُ الْاَبْدَالُ

اے ابدال کے سلطان تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سُلْطَانُ الْاَقْطَابُ

اے اقطاب کے سلطان تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا غَوْثُ الْاَعْظَمُ

اے غوث الاعظم تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَازِیُ الْاَشْھَبُ

اے بازاشہب تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا فَقِیْرُ

اے فقیر تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا غَرِیْبُ

اے غریب تم پر سلام ہو

Marfat.com

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مِسْکِیْنُ

اے مسکین تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا وَلِیُّ

اے ولی تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا شَیْخُ

اے شیخ تم پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا اَبَا مُحْیِ الدِّیْنِ عَبْدُالْقَادِرِ جِیْلَانِیْ۔

اے ہمارے سردار ہمارے مولا ابو محی الدین عبدالقادر جیلانی تم پر سلام ہو۔

پھر آواز بلند ندا کرے یَا حَضْرَتْ غَوْث صَمَدَانِیْ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَمُرِیْدُكَ وَمَظْلُوْمٌ عَاجِزٌ مُحْتَاجٌ اِلَیْكَ فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اُمْدُدْنِیْ وَاَغِثْنِیْ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَبِرِضَاءِ اللّٰهِ تَعَالٰی فِیْ حَاجَتِیْ اور اپنی حاجت کا ذکر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین روز کے اندر مراد حاصل ہو گی۔ پھر اسی طریق پر واپس لوٹ کر بیٹھ جاوے اور پھر بخور جلا دے ایک جلسہ بیٹھے اور جلسہ میں درود شریف پڑھے۔ پھر یہ رباعی نہایت خشوع سے ایک ہزار ایک سو گیارہ بار پڑھے۔ رباعی یہ ہے۔

اَدْرِکْنِیْ ضَیْمًا وَّاَنْتَ ذَخِیْرِیْ ءَاظْلَمُ

فِی الدُّنیا وَاَنتَ نَصِیرِی فَعَارٌ عَلٰی حَامِی الحِمٰی
وَھُوَ قَادِرٌ اِذَا ضَاعَ فِی البِیدَآءِ عِقَالُ بَعِیرِی۔

ترجمہ: کیا یہ جائز ہے کہ مجھ پر ظلم ہو بچالے کہ تو میرے لئے وقت پر کام دینے والا ہے کیا یہ روا ہے کہ دُنیا میں مجھ پر ظلم ہو بچالے کہ تو میرا مددگار ہے۔ بس یہ عار ہے چراگاہ کے محافظ پر بچالے کہ وہ قادر ہو جب کہ جنگل میں میرے اُونٹ کی رسی گُم ہو جاوے۔

سید محی الدین عبد القادر جیلانی — سُلطان محی الدین عبد القادر جیلانی
فقیر محی الدین عبد القادر جیلانی — شاہ محی الدین عبد القادر جیلانی
مخدوم محی الدین عبد القادر جیلانی — ولی محی الدین عبد القادر جیلانی
غوث محی الدین عبد القادر جیلانی — قطب محی الدین عبد القادر جیلانی
خواجہ محی الدین عبد القادر جیلانی — درویش محی الدین عبد القادر جیلانی
مولانا محی الدین عبد القادر جیلانی

نسب نامہ

حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط محی الدین لقب، ابو

Marfat.com

محمّد کنیت اور عبدالقادر آپ کا نام ہے اور شجرۂ نسب آپ کا یہ ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر بن ابی صالح جنگی دوست بن ابی عبداللہ یحییٰ زاہد بن محمد زکریاؒ بن داؤد بن موسیٰؒ الجون بن عبداللہ المحض بن حسن المثنیٰ بن امیرالمؤمنین حضرت امام حسنؓ بن امیرالمؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہٗ بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدالمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نظر کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس مضر بن نزار بن معدہ بن عدنان القریشی الہاشمی العون الحسنی الجیلی الجیلی۔

آپ کی والدہ ماجدہ

اُمّ الخیر جن کا لقب اُمۃ الجبار اور نام فاطمہ بنت حضرت عبداللہ صومعیؒ بن ابی جمال بن سیّد محمد بن سیّد ابی محمودؒ طاہر بن سیّد ابی عطا عبداللہ بن سیّد ابی کمال عیسیٰ بن سیّد علاؤالدینؒ بن حضرت امام جعفر صادقؒ بن حضرت امام محمد باقر بن حضرت امام زین العابدینؓ بن حضرت امام حسینؓ بن امیرالمؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ پس حضرت غوث الاعظم نجیب الطرفین صحیح النسب حسنی الحسینی سیّد ہیں۔

غوث الثقلین

آپ دونوں جہانوں کے غوث تھے۔ کہتے ہیں مُنکر نکیر آپ سے

Marfat.com

سوال و جواب کے لئے آئے اور سلام عرض کئے بغیر ہی سوال و جواب شروع کر دیئے، آپ نے اپنی روحانی طاقت سے انہیں وہیں روک دیا۔ اس طرح جبرائیل علیہ السلام نے ان کی طرف سے معافی مانگ کر فرشتوں کو معافی دلوائی۔

دعائے حل المشکلات

حضرت پیر دستگیر شیخ عبد القادر جیلانی کا ارشاد ہے کہ یہ دعا مجھے موروثی حاصل ہوئی ہے جو شخص سخت ترین مشکل میں خلوصِ نیت کی شب میں بارہ بجے اُٹھ کر ۱۴۰ مرتبہ پڑھے۔ جلد تر آسانی ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ کَافِیْ قَصَدْتُ الْکَافِیْ وَ وَجَدْتُ الْکَافِیْ لِکُلِّ الْکَافِیْ کَفَانِی الْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ یَا حَضْرَت شَیخ عبد القادر جیلانی شَیْئًا لِلّٰہِ اَغِثْنِیْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

پکار شریف

اُحْضُرُوْا، اُحْضُرُوْا، اُحْضُرُوْا، یَا مَالِکَ الْاَرْوَاحِ

Marfat.com

اَلْمُقَدَّسْ وَمُحیُّ الْحَقِّ یا حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ۔

الف:

اللہ پاک دا پڑھ کلام فیر درود نبیؐ نوں پہنچایا اے
دیوے توفیق جتنی مَیں اوسے تے ختم اکھوایا اے
اِک لکھ چوہی ہزار نبی پیغمبر تائیں میں پڑھ ثواب پہنچایا اے
دیاں واسطہ پنجتن پاک دا، اشرف تائیں چا بخشایا اے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ختم شریف غوثیہ قادریہ کبیر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحٰبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّاءَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔

درود شریف ۱۱۱ بار۔ الحمد شریف ۱۱۱ بار سورۃ اخلاص شریف ۱۱۱ بار۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ وَاَسْئَلُہُ التَّوْبَۃَ۔ کلمہ تمجید ۱۱۱ بار

Marfat.com

آیتہ کریمہ شریف ایک ہزار بار۔

خُذْ بِیَدِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ یَا حَضْرَتْ سُلْطَان شَیْخ
سَیِّدْ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِی اَلْمَدَدْ۔ ۱۱۱ مرتبہ۔
سُوْرَۃ اَلَمْ نَشْرَحْ۔ ۱۱۱ بار۔
سُوْرَۃ یٰسٓ ایک بار۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ
الرَّبِّ الرَّحِیْمِ۔ ۱۱۱ بار۔
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ
نِعْمَ النَّصِیْرُ ط یَا بَاقِیْ اَنْتَ الْبَاقِیْ۔ ۱۱۱ بار۔
یَا شَافِیْ اَنْتَ الشَّافِیْ۔ ۱۱۱ بار۔
یَا کَافِیْ اَنْتَ الْکَافِیْ۔ ۱۱۱ بار۔
بار یَا عَافِیْ اَنْتَ الْمُعَافِیْ۔ ۱۱۱ بار۔
یَا ہَادِیْ اَنْتَ الْہَادِیْ۔ ۱۱۱ بار۔
یَا ہَادِیْ یَا فَوْرَ جَلَّ جَلَالُہٗ۔ ۱۱۱ بار۔
یَا حَضْرَتْ شَاہِ مُحِیَّ الدِّیْنَ مُشْکِلْ کُشَا
بِالْخَیْرِ۔ ۱۱۱ بار۔
یَا غَوْثُ اَغِثْنَا بِاِذْنِ اللّٰہِ۔ ۱۱۱ بار۔
سَہِّلْ یَا اِلٰہِیْ کُلِّ بِحُرْمَتِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ
۱۱۱ بار۔
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ ۱۱۱ بار۔
یَا حَضْرَتْ سُلْطٰن شَیْخ عَبْدُ الْقَادِرِ جِیْلَانِیْ
شَیْئًا لِلّٰہِ اَلْمَدَدْ۔ ۱۱۱ بار۔

Marfat.com

دُرُودِ شریف ہزارہ۔ ۱۱۱ بار۔

یَا قَاضِیَ الْحَاجَات۔ ۱۱۱ بار۔

یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ۔ ۱۱۱ بار۔

یَا رَافِعَ الدَّرَجٰتِ۔ ۱۱۱ بار۔ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّات۔ ۱۱۱ بار

یَا شَافِعَ الْاَمْرَاضِ۔ ۱۱۱ بار۔ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ ۱۱ بار

مُشْکِلَات بے عَدَدْ دَارِیْمِ مَا۔ شَیْئًا لِلّٰہِ اَلْمَدَدْ

یَا غَوْثُ الْاَعْظَمْ پِیْرِ مَا۔ ۱۱۱ بار۔

شَیْئًا لِلّٰہِ۔

چوں گدائیم ازیں مدد خواہیم زشاہ محی الدّین۔ ۱۱۱ بار۔

اِمداد کن اِمداد کن از بندۂ غم آزاد کن در دین و دُنیا شاد کن

یا سید عبد القادر جیلانی۔ ۱۱۱ بار۔

مَا ھَمَہٗ مُحْتَاجِ تُو حَاجَتْ رَوَا۔ اَلْمَدَدْ

یَا غَوْثُ الْاَعْظَمْ سَیِّدَا۔ ۱۱۱ بار۔

خُذْ یَدِیْ اے شَاہِ جِیْلَان خُذْ یَدِیْ

شَیْئًا لِلّٰہِ اَنْتَ نُوْرُ الْحَمْدِیْ ۱۱۱ بار۔

وقتِ امداد شہ بغداد رس بفریادِ شاہِ بغداد۔ ۱۱۱ بار۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ ۱۱۱ بار۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمْ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ

وَبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْہِ۔ ۱۱۱ بار۔

Marfat.com

صلوٰت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَلَّمْ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ اٰمِیْن ۝

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ بِالْاٰخِرَةِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ ؕ اُولٰٓئِكَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ رَّبِّھِمْ ۖ وَ اُولٰٓئِكَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ؕ وَ کَانَ اللّٰہُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا ۝ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝

ترکیب اس کو با طہارت کاملہ کپڑے بدل کر نہایت خشوع کے ساتھ تنہا یا چند آدمی مل کر پاک جگہ پہ دو زانو بیٹھ کر پڑھیں لیکن پڑھنے والے حقہ نوش نہ کریں، ورنہ اثر نہیں ہوگا اور خوشبو عطر یا پھول پاس رکھیں اور مسواک زیادہ دیر تک کریں اور منہ میں الائچی وغیرہ بھی رکھ لیں، تاکہ منہ خوشبودار ہو جائے، کیونکہ اس طریق سے پڑھنے میں بڑا لطف آتا ہے۔

فضائل و برکات منجملہ فضائل و برکات میں سے یہ ہیں کہ جب

Marfat.com

کبھی کوئی آدمی کسی سخت مُصیبت میں گرفتار ہو جائے یا کسی کے مکان جِنات
پتھر پھینکتے ہوں یا کسی دُشمن کا خوف وہراس کا وہم ہو تو یہ ختم شریف
کرایا جائے تو سب تکلیفیں رَفع ہو جاتی ہیں۔ اگر کوئی شخص کسی جھُوٹے مقد
میں گرفتار ہو جائے یا کسی دُشمن کا خوف یا سچے مقدمہ میں حاکم کی طرف
سے کامیابی نظر نہ آتی ہو اور یہ خیال ہو کہ حاکم ناحق ظلم کرکے ہمارے خیال
مقدمہ کا فیصلہ کر دے گا۔ تو بھی یہ ختم شریف اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مزید
برآں اگر کوئی نیا کام شروع کرنا ہو اور خیال تردّد ہو کہ کیا کروں تو بھی یہ خ
شریف پہلے کرایا جائے اور جناب غوث پاک کی بارگاہ میں دُعا مانگے، ک
اگر یہ کام میرے حق میں اچھا ہے تو مقدر فرمایا جاوے، اور اگر یہ کام میر
حق میں اچھا نہیں ہے تو اس کو مجھ سے دُور کر دیا جائے اور میرے خیال ک
بہتر کام کی طرف متوجّہ فرمایا جاوے۔ انشاءاللہ وہ کام بحُسن وخوبی سرانج
ہو گا یا اس سے طبع رُوکا جاوے گا۔ بہرحال اس کے فضائل وبرکات ح
سے باہر ہیں ہر مُصیبت کے وقت یہ ختم کرانا ضروری ہے۔

ختم شریف غوثیہ قادریہ صغیر

دُرود شریف ۔ ۱۱۱ بار ۔	اَلحمدُ شریف ۱۱۱ بار
سُورۃ اِخلاص ۔ ۱۱۱ بار ۔	کلمہ تمجید ۱۱۱ بار
سُورۃ اَلم نشرح ۔ ۱۱۱ بار ۔	سُورۃ یٰسٓ ۔ ۱۱۱ بار
یَابَاقِیُ اَنْتَ الْبَاقِیُ ۔ ۱۱۱ بار ۔	یَاشَافِیُ اَنْتَ الشَّافِیُ ۔ ۱۱۱ بار

Marfat.com

یَا کَافِیُ اَنْتَ الْکَافِیُ - ۱۱۱ بار - یَا مُعَانِیُ اَنْتَ الْمُعَانِیُ - ۱۱۱ بار
یَا غَوْثُ اَغِثْنَا بِاِذْنِ اللّٰہِ - ۱۱۱ بار -

سَہِّلْ فَسَہِّلْ یَا اِلٰہِیْ کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ یَا حَضْرَتْ شَاہ مُحیُّ الدِّیْن مُشْکِلْ کُشَا بِالْخَیْرِ یَا حَضْرَتْ سُلْطَان سَیِّدْ عَبْدُ الْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ اَلْمَدَدْ - ۱۱۱ بار -

دُرُود شَرِیْف ھَزَارَہ - ۱۱۱ بار - یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ - ۱۱۱ بار
یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ - ۱۱۱ بار - یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ - ۱۱۱ بار
یَا رَدُّ الْاٰفَاتِ - ۱۱۱ بار - یَا رَافِعُ الدَّرَجَاتِ - ۱۱۱ بار
یَا شَافِیُ الْاَمْرَاضِ - ۱۱۱ بار - یَا مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ - ۱۱۱ بار

شَیْئًا لِلّٰہِ چوں گدائیم ازیں اعداد خواہم ز شاہ مُحیُّ الدِّیْن - ۱۱۱ بار
امداد کُن امداد کُن از بندۂ غم آزاد کُن در دِین و دُنیا شاد کُن یا سیّد عبدالقادرا - ۱۱۱ بار

صلوٰت شریف : صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَسَلَّمْ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ - ۱۱۱ بار -

پھر اپنی حاجت بدرگاہِ قاضی الحاجات پیش کرے -

Marfat.com

حضرت پیرانِ پیر دستگیر کا الہامی فرمان

چہل کاف شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کَفَاکَ رَبُّکَ لَمْ یَکْفِیْکَ وَاکِفَۃٌ

کِفْکَافُھَا کُلُکِمِیْنَ کَانَ مُتْکِلِکْ

ترجمہ :-

- کافی ہے تجھ کو پروردگار تیرا۔ اکثر کفایت کرے تجھ کو حادثہ سے

- چھُپنے اس کے سے جو مانند چھُپنے شکاری کے ہے۔

اِس کے ترجمہ پر غور فرمائیے ۔حقیقت میں انسان کو پروردگار روزانہ کتنی مُصیبتوں سے بچاتا ہے۔ کتنی محافظت کرتا ہے اور آرام سے رکھتا ہے۔

دُشمنوں سے محفوظ رکھتا ہے اور وہی عالمُ الغیب ہے جو چھُپی ہوئی گھاتوں سے خبردار اور ہوشیار کرتا ہے اور مخالفت کو خود بخود مغلوب بناتا ہے۔

اَب دُوسرا شعر یہ ہے :-

تَکُرُّ کَرًّا کَکَرِّ الْکَرِّ فِیْ کَبَدٍ

کہ حملہ کرتا ہے مانند حملہ کرنے اور حملہ آور کے جگر میں۔

تَحْکِیْ مُشَکْشَکَۃً کَلُکْلُکٍ کُلْکَا

وہ چھُری کا سا کام کرتا ہے مانند اس شیر کے جو پیچھے سے پنجہ مارے۔

Marfat.com

وہ مصیبت حملہ کرتی ہے حملہ کرنا مثل لپیٹ رسّی کے سختی اور مشقت
میں حکایت کرتی ہے۔ ایک آہن پوش لشکر کی مثل تیز نیزے کے یا
یُوں سمجھیئے کہ مثل تیز فربہ جوان اُونٹ سخت گوشت والے کے۔

تیسرا شعر یہ ہے :-

کَفَاکَ مَابِیْ کَفَاکَ اُلْکَافُ کُوْبَتُہٗ
یَا کُوْکَبًا کَانَ یَحْکِیْ کُوْکَبًا اَلْفَلُکَاہُ

ترجمہ :

کافی ہے خاص کر تجھ کو اسی چیز سے کفایت کرتا ہے، باز رکھنے
سے اندوہ جگر کے۔

اے ستارۂ دل میرے کا مشابہت رکھتا ہے ساتھ ستارے
آسماں کے۔

اے دل کافی ہو جیو تجھ کو تیرا پروردگار اس شے سے جو میرے ساتھ
ہے، یعنی میرے علم میں ہے کفایت کرنے والا تجھ کو کفایت کرتا ہے
رنج اور تکلیف ہے۔

اے ستارے یعنی دل جو آسمان کے ستارے کی حکایت کرتا ہے
ان میں اشعار کو سات بار روزانہ پڑھنا چاہیئے، بڑے بڑے وظائف
سے بہتر ہے۔

ترکیب زکوٰۃ باطہارتِ کاملہ ہر روز ایک سو ایک بار تنہا جنگل یا دریا کے کنارے پر بیٹھ کر پڑھا جاوے
اور چالیس روز تک اس کو جاری رکھا جائے، پھر چلّہ کے بعد ہر روز
ایک بار پڑھنے کا معمول رکھا جائے، تاکہ عمل کا اثر قائم رہے۔

Marfat.com

وظیفہ بعد از نمازِ پنجگانہ

حضرت محبوبِ سبحانی قطبِ ربانی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس وظیفہ کو ہر وظیفہ نماز کے بعد ایک ہزار۔ اگر نہ ہو سکے تو ایک سو بار پڑھے، وہ ہر قسم کی محتاجی سے بچائے گا اور تکالیف وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

بعد از نماز فجر ایک ہزار مرتبہ	ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ
بعد از نماز ظہر ایک ہزار مرتبہ	ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ
بعد از نماز عصر ایک ہزار مرتبہ	ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ
بعد از نماز مغرب ایک ہزار مرتبہ	ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ
بعد از نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ	ھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ

اس ذکر سے عمر بڑھتی ہے درازی عمر کے لئے سلسلہ عالیہ قادریہ کا مجرّب عمل ہے۔

اے دستگیر عالم دستِ مرا بگیر
وستم چناں چناں بگیر کہ گویند دستگیر

ہو گیا یا غوث میں برباد تیرے ہوندیاں
کوئی نئیں سُندا میری فریاد تیرے ہوندیاں

مار دے نت ٹھوکراں ظالم تیرے مسکین نوں
ایہہ نئیں انصاف شاہِ بغداد تیرے ہوندیاں

کس طرف جاوے دُکھی جندڑی دکھاں نے گھیر لی
ہر طرف آون نظر جلاد تیرے ہوندیاں

کربلا دی پیاس دا صدقہ دکھی تے رحم کر
بہٹ ستی درد الم نے بنیاد تیرے ہوندیاں

اے مریدی لا تخف اللہ ربّی والیا
کر رہے ہے ظالم ظلم ارشاد تیرے ہوندیاں

آپ دی ذاتِ اقدس دے واسطے جائز نہیں
غیر دے در تھیں منگاں امداد تیرے ہوندیاں

Marfat.com

ہائے صد افسوس کیوں محتاج مشتاقِ نظر — در بدر روندا پھرے آزاد تیرے ہوندیاں

الف : آمداد او ولیڑا ای بخش داد بغداد دے والیا وے
ہو گئی خشک ایمان دی شاخ میری پہنچ باغ رسول دیا مالیا وے
داہراں گھت کے آدلگیر اُتے دستگیر محبوب جلایا اے
کر نظر آزاد یتیم اُتے جویں نظر بڈھی اُتے بھالیا وے

ب : بوہڑ میراں ویلا بوہڑی دا طاقت رہی نہیں آہ فریاد دی بھی
آنسو خشک ہوئے نیناں روندیاں دے تک تک واٹ شہر بغداد دی بھی
خبر ے گھڑی سو لکھی کون دیکھے پھلی شاخ نہ میری مراد دی بھی
پہنچ تن دا واسطہ من میرا چا خبر من سائیں آزاد دی بھی

غ : غوث جیسا نائیں پیر کوئی غوث کفر دیاں میخاں پٹدا اے
او گنہگار نگاریاں قطب کر دا جدوں موج دے وچہ اُلٹایا اے
گردن کشاں دی گردن جھکا دیوے خودی ہیں تکبر نوں کٹدا اے
سائیں آزاد گئے بھاویں لکھ بھونکن دستگیر دا شان نہ گھٹدا اے

تَقَبَّلْنِیْ وَلَا تَرْدُدْ سُؤَالِیْ — اَغِثْنِیْ سَیِّدِیْ اُنْظُرْ بِحَالِیْ
مجھے منظور فرمائیے اور میرا سوال رد نہ کیجئے — میری فریاد رسی کیجئے میرے آقا میرا حال ملاحظہ فرمائیے

کرم سے کیا رہنما رہزنوں کو — اِدھر بھی نگاہ کرم غوثِ اعظم
دمِ نزع آؤ کہ دم آئے دم میں — کرو ہم پہ یٰسین دم غوثِ اعظم
یہ دل یہ جگر ہے یہ آنکھیں یہ سر ہے — جہاں چاہو رکھو قدم غوثِ اعظم
(مفتی اعظم عالمِ اسلام مصطفےٰ رضا خان بریلی)

الم نشرح سورۃ دس بار — سورۃ قدر دس بار

Marfat.com

سُوْرَۃ اِخلاص ایک ہزار بار بعد ازاں دُعا مانگیں طوفانِ نوح علیہ السلام کو ہر ایک شخص جانتا ہے کہ ان کی قوم نے ایمان نہ لایا۔ باوجود نوح علیہ السّلام نے مدت ہائے دراز تک لوگوں کو تبلیغ کی کہ خدا پر ایمان لاؤ لیکن وہ ایمان نہ لائے۔ مجبوراً نوح علیہ السّلام کو خداوند تعالیٰ کی درگاہ میں دُعا کرنی پڑی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام اُمت طوفان میں غرق ہو گئی۔ جب طوفان آیا حسبِ حکمِ خدا انہوں نے ایک کشتی بنائی، جنہوں نے ایمان لایا تھا۔ ان کو کشتی میں بٹھا کر کشتی کو طوفان میں دھکیل دیا اور یہ آیت پڑھی۔ بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ اس کے پڑھنے سے طوفان سے محفوظ رہے۔

ختم شریف نوح عَلَیْہِ السَّلام

مذکورہ بالا آیت کو ایک ہزار بار، سُورَۃ مَاعُوْن کو دس بار، سُوْرَۃ النَّاس بیس بار، سُورۃ الرَّحْمٰن بیس بار، سُورۃ الدَّھر تیس بار، پڑھ کر دُعا مانگیں۔

دیکھئے حضرات کہ صابر علیہ السَّلام کو خداوند تعالیٰ نے آزمایا۔ تو انہوں نے اس ثابت قدمی کا ثبوت دیا کہ ان کی نظیر اس دُنیا میں ناپید ہے۔ اور صابر کا خطاب حاصل کیا۔ چنانچہ انہوں نے اپنا تمام مال و دولت خُداوند تعالیٰ کے راستے میں قربان کر دیا اور اپنے وجودِ محترم پر بھی مصیبت ڈالی۔

Marfat.com

ختم شریف حضرت صابر علیہ السلام

اَلَمْ تَرَ کَیْفَ ایک ہزار بار۔ سُوْرَۃُ الْعَصْر چالیس بار۔ سُوْرَۃُ زِلْزَال ساٹھ بار اور دُرود شریف ایک سو بار پڑھ کر دُعا مانگیں۔ جس مصیبت سے آپ نجات حاصل کرنا چاہیں۔ بہت جلد کامیابی ہوگی۔

ختم شریف حضرت موسیٰ علیہ السلام

طریقہ ختم یہ ہے کہ قرآن پاک میں آخری دس پارے اور سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ چھ بار، سُوْرَۃ جُمُعَہ دس بار سُوْرَۃ وَالتِّیْنِ دس بار، سُوْرَۃ یٰسٓ دس بار، بعد ازاں دُرود شریف ایک ہزار بار پڑھ کر دُعا مانگیں۔

ختم شریف حضرت عیسیٰ علیہ السلام

ترتیب یہ ہے سُوْرَۃ فَجْر بیس بار، سُوْرَۃ بلد سُوْرَۃ تَوْبَہ کا پہلا رکوع، سُوْرَۃ نِسَآء کا آخری رکوع، سُوْرَۃ غَاشِیَہ مکمل، سُوْرَۃ اَعْلٰی بعد ازاں سُوْرَۃ فَاتِحَہ ایک بار پڑھ کر دُعا مانگیں۔ اِنْشَآءَ اللّٰہ

Marfat.com

مُراد پُوری ہو گی۔

ختم شریف حضرت یعقوب علیہ السلام

ترتیب یہ ہے سُورۃ یُوسُف کا دُوسرا رکوع، سُورۃ نُون چالیس مرتبہ، سُورۃ حاقۃ دس بار، سُورۃ معارج بیس بار۔ سُورۃ مُزمّل چھ بار، بعد ازاں دُرُود شریف پڑھ کر دُعا مانگیں۔

ختم شریف حضرت عُمر رضی اللہ عنہ

سُورۃ بلد ایک سو بار، سُورۃ والشمس پندرہ بار، سُورۃ واللیل ایک ہزار بار، سُورۃ فجر ایک سو بار، سُورۃ غاشیۃ چالیس بار، سُورۃ طارق چالیس بار، بعد ازاں اپنے خاص مقصد کا تذکرہ کر کے دُعا مانگیں۔

ختم شریف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

برادرانِ اسلام! ہم آپ کو ایک واقعہ سُناتے ہیں کہ خداوندِ تعالیٰ کے نیک بندے کس طرح اپنا مال کارِ خیر میں خرچ کرتے ہیں مکہ معظمہ میں نبیؐ کریم کے زمانے میں ایک کنواں تھا۔ جو کہ کفاروں کے تحت ملک

Marfat.com

میں تھا اور مسلمانوں کو اسی کنوئیں میں سے پانی لینے نہ دیتے تھے چنانچہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے تمام اصحابیوں کو حکم دیا کہ اس کنوئیں کو خرید لینا چاہیئے، تاکہ مسلمان بھی اس سے پانی پئیں۔ ہر ایک اصحابی نے حتی الامکان کنواں خریدنے کے لئے کچھ نہ کچھ مال لایا۔ چنانچہ حضرت عثمان غنی رضہ اپنے گھر گئے اور جتنا مال تھا۔ لاکر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حضورؐ نے فرمایا کہ اے غنی گھر پر بھی کوئی مال ہے، یا نہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ بجز آپ کے نام اور اللہ تعالیٰ کے نام کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آفرین و تحسین فرمایا۔ قارئین کرام ذرا بغور مطالعہ کریں کہ وہ لوگ بھی ہو گزرے ہیں کہ جنہوں نے حتی الامکان اپنی جان و مال کو قربان کر دیا۔ اب ہم ان کے ختم پڑھنے کا طریقہ بتاتے ہیں۔

ختم شریف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

سورۃ یٰسین بیس بار، سورۃ الرحمٰن چالیس بار درود شریف ایک سو بار، سورۃ دھر دس بار، سورۃ فاتحہ ایک سو بار، سورۃ اخلاص چالیس بار، بعد ازاں دعا مانگیں۔

○

Marfat.com

ختم شریف حضرت علی رضی اللہ عنہ

طریقہ ختم یہ ہے۔ سورۃ اخلاص پندرہ بار، سورۃ زلزال ایک سو چالیس بار، سورۃ قارعۃ تیس بار، سورۃ تکاثر دس بار، سورۃ والعصر چالیس بار، درود شریف ایک ہزار بار، بعد ازاں دعا مانگیں۔

ختم شریف حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

سورۃ تغابن اور سورۃ جمعہ، سورۃ الرحمٰن، سورۃ مدثر، سورۃ مرسلات ایک ایک بار پڑھیں، اور پھر سورۃ کافرون سے لے کر بالترتیب پڑھتا چلا جائے جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے اور دعا مانگیں اور اس کا ثواب حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بخشیں اور ثواب دارین حاصل کریں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جس نے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ختم شریف ادا کیا۔ ماہ محرم کی دسویں یا بارھویں کو ادا کرے گا۔ اس کو اللہ تعالیٰ ہر بلا سے نجات دلائے گا۔

ختم شریف کی ترتیب یہ ہے

سورۃ بقر کا آخری رکوع اور سورۃ دھر، سورۃ مزمل، سورۃ فیل، سورۃ قریش، سورۃ کوثر،

Marfat.com

یک ایک بار اور پھر جیسا طریقہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لکھا گیا ہے اسی طرح بالترتیب سُورَۃ کافِرُونَ، سُورَۃ اِخلاص، سُورَۃ فلق سُورَۃ النَّاسِ، سُورَۃ فاتحہ اور الٓمّٓ اور مَا کَانَ سے تَسْلِیْمًا تک پڑھ کر پھر دُرود شریف پڑھیں اور سُبحَانَ رَبِّکَ سے الْعٰلَمِیْنَ تک پڑھ کر دُعا مانگیں اور ثواب اس کا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچائیں۔ راویان عالی سے روایت ہے کہ صدقِ دل سے ختم جو بنام امام حسن رضی اللہ تعالیٰ کا دلاتا رہے گا۔ اس کو دینی اور دُنیاوی مشکلات سے نجات مل جائے گا۔ بلکہ جب قبر سے قیامت کے دن اُٹھے گا، اس کا رنگ رحمتِ خدائے تعالیٰ سے اعلیٰ ہوگا اور اس پر دوزخ کی آگ حرام ہوگی اور جنت میں اعلیٰ درجہ پائے گا۔

ختم شریف حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ

ترتیب یہ ہے یہ ایک عجیب و ختم ہیب ختم ہے۔ جس کے دلانے سے کل مشکلات حل ہو جاتی ہیں، کیونکہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے اپنی زبان صادق سے بتلایا ہوا ہے کہ جب ماہِ رجب کی بائیسویں رات ہو تو پچھلی رات اُٹھ کر میدہ کی پوڑیاں گھی میں تلائیں اور حسبِ توفیق کونڈے بھریں چھوٹے بڑے دونوں جائز ہیں اور کسی پاک چادر پر رکھ کر یہ وِرد پاک پڑھیں، صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ گیارہ مرتبہ اور پھر سُورَۃ بقرہ کا آخری رکوع ایک مرتبہ پھر سُورَۃ اِخلاص تین

Marfat.com

مرتبہ اور سورۃ فاتحہ تین مرتبہ اور درود شریف بالا اکیس
مرتبہ پڑھیں۔ اور دعا مانگیں اور اس کا ثواب حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کو پہنچائیے اور ان کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے اپنی مراد بھی طلب
کرے، انشاء اللہ تعالیٰ بفضلہ سال کے اندر ہی اس کی حاجت بر آئے گی اور
یہ ختم فجر کی نماز سے پہلے ہونا چاہیئے۔

کونڈے امام جعفر صادق علیہ السلام

داستانِ عجیب (کونڈے)

کروں پہلے درگاہ حق میں سجود
پھر اپنے نبیؐ پر میں بھیجوں درود

سناؤں تجھے ایک نئی داستان
اس طرح کرتا ہے راوی بیان

مدینہ میں تھا اک شخص خستہ حال
غریب اور اس پر کثیر العیال

نہ نوکر نہ چاکر نہ جاگیر دار
نہ پیشہ نہ حرفہ نہ کچھ کاروبار

یہ اس کا معمول اے مہربان
کاٹ لاتا تھا جنگل سے بس لکڑیاں

انہیں بیچ کر روز کرتا بسر
فراغت سے تب بھی نہ ہوتی گذر

نہ جس دن کسی عذر سے جاسکا
نہ جنگل سے وہ لکڑیاں لاسکا

تو فاقہ نے گھر میں بسیرا کیا
کسی نے کچھ اس شب نہ کھایا پیا

کہا بیوی سے اک روز یوں
بہت تنگدستی ہے میں تنگ ہوں

ارادہ ہے میرا کروں اب سفر
عجب کیا کہ ہاتھ آئے کچھ مال و زر

Marfat.com

غرض چھوڑ کر اپنے گھر کو چلا — جدھر اُٹھ گیا مُنہ اُدھر کو چلا
چلا اپنی دُھن میں عجیب لہر میں — بہت دن میں پہنچا کسی شہر میں
تھی گردش بخت بھی ساتھ ساتھ — وہاں بھی نہ آیا کچھ اُس کے ہاتھ
وہی لکڑیاں روز لانا اُسے — وہی بیچنا اور کھانا اُسے
نہ خود آسکا تنگدستی سے گھر — نہ بھیجی شرم سے کبھی کچھ خبر
یوں جب کہ بارہ برس ہو گئے — کہا اُس کے گھر والوں نے کھو گئے
تعجب ہے گھر سے کہاں پڑ گئے — خُدا جانے جیتے ہیں یا مر گئے
کہا اُس کی بیوی کے دل کہ ہم — کہاں تک بھلا کھائیں فاقہ کہ غم
قریب اُس کے گھر کے تھا قصرِ وزیر — وہاں اس کو جانا پڑا ناگزیر
کہا جائے بیگم سے سب عرضِ حال — وہ کرنے لگی مہربانی کمال
محل بس بلا ناغہ جاتی تھی وہ — جو باقی تھی کھاتی کھلاتی تھی وہ
گئے اس کے فاقے مصیبت کٹی — وہ ہر دن کی ہر شب کی آفت ٹلی
وہ کھا پی کے خود بھی ہوئی تندرست — ہوئے لڑکے بالے بھی چالاک و چُست
جو قصر مُعلّٰے کا تھا آستاں — وہ اِک روز دیتی تھی جھاڑو وہاں

اِمامِ زماں پیش والے کا نام
لقب جن کا صادق جعفرؓ ہے نام

نہ معلوم ہوتے تھے گھر سے کدھر — ہُوا اتفاقاً وہاں سے گُزر
کھڑے ہو کے ہمراہیوں سے کہا — بتاؤ مہینہ ہے یہ کون سا
لگے عرض کرنے عقیدت گزیں — کہ ماہِ رجب کی ہے بائیسویں
کہا آپ نے، یہ عمل سیکھ لو — کہ یہ جب مہینہ یہ تاریخ ہو
کہ جس کی نہ ہوتی ہو حاجت روا — کسی سخت مشکل میں ہو یا پھنسا

Marfat.com

یہ چاہا ہے میری تمنا بر آئے — تو وہ صاف کونڈے نئے پاک لائے
پھر ان پوڑیوں سے کونڈے بھرے — مرا فاتحہ آگے رکھ کے کرے
وسیلہ میرا کر کے مانگے مُراد — خُدا دے مگر چاہیئے اعتقاد
اگر پھر نہ اس کی ہو حاجت روا — قیامت میں ہاتھ اس کا دامن میرا
یہ حضرت نے کہہ کر اُٹھایا قدم — قدم اُن کے تاج شہان عجم
وہ عورت یہ اشارہ سُنتے ہی سب — کہا دن پھرے اے شہہ اب
نہ اُس کو پڑی سُن کے دم بھر بھی عمل — اِسی وقت اِس نے کیا یہ عمل
دُعا کی کہ اے خالقِ خاص و عام — بحق اِمام ذری الاحترام
صحیح و سلامت میرا شوہر آئے — بہت دولت و زر ساتھ لیکر آئے
سُنو ماجرا اس کا شوہر وہاں سے — گیا تھا کہیں کاٹنے لکڑیاں
پُرانے درخت کسی سو برس کے درخت — وہاں پر تھے جھاؤ کے سخت درخت
اُنہیں کاٹتا تھا وہ آشفتہ سر — کلہاڑی گری ہاتھ سے چھُوٹ کر
گری جب زمیں پر دھماکہ ہُوا — تو کہنے لگا وہ دل میں بینوا
مقرر یہاں پر ہے خالی زمیں — جو کھودا تو نکلا دفینہ وہیں
گڑی تھی وہاں دولت بے شمار — زر خالص و گوہر شاہوار
پھر اُس نے چھُپایا خزانہ تمام — کرتا ہو نہ واقف کوئی خاص عام
تصرف کیا چوری چوری تمام — گزرنے لگے دن بہ عیش طرب

بتدریج گھوڑے وغیرہ لئے
امارت کے ساماں مہیا کئے

سجا گھر امیرانہ سامان سے — بڑے دبدبے اور بڑی شان سے
مدینے کے قریب پہنچا وہ جب — مُلازم کیا معتبر مُنتخب

Marfat.com

ریا عمدہ جوڑا مفرق تمام — درہم اِک ہزار اس کی لاگت تمام
یا اِس کو زیور بھی اِک لاکھ کا — حفاظت کی تاکید کر کے کہا
کہ لے جا کے بانو نے خانہ کو دے — پہن کر اُسے زیب و زینت کرے
ئی دِن کے بعد آپ داخل ہُوا — نشاطِ طرب سب کے شامل ہُوا
کہا اُس سے بیوی نے اِک روز — کہ دولت مِلی کیونکہ اے دل فروز
دفینے کا قصّہ کیا سب بیان — کہ اِس طرح دولت مِلی ناگہاں
ہو کی پُوچھ گچھ حقیقت کھلی — وُہی وقت "تاریخ تھی نذر کی
پھر اُس نے کہی داستانِ امام — وہ کونڈوں کی منّت قصّہ تمام
امامِ زمن رضؓ کا ثنا خواں ہُوا — بجاں نام پر اُن کے قرباں ہُوا
وہ ہر سال کونڈوں کو بھرتا رہا — ہمیشہ نیاز اُن کی کرتا رہا
بنایا مکاں ایک اس نے وسیع — بہت خوبصورت نہایت رفیع

چڑھی چھت پہ اِک روز بیگم کہیں
نظر آیا کاشانۂ دِلنشیں

خواصوں سے پُوچھا یہ کس کا ہے گھر — کیا عرض اے بانوئے نامور
اُسی لکڑہارے کی عورت کا ہے — وہاں اب تو ساماں فراغت کا ہے
کہا سچ کہا اُس نے اے حضور — کہا لاؤ پُوچھیں گے اس سے ضرور
گئی خواص اس کو لے آئے ساتھ — اُٹھایا برائے سلام اس نے ہاتھ
کہا اُس بیگم نے سچ سچ بتا — کہ حاصل ہُوئی تجھ کو کیونکر غنا
وہ کونڈوں کا بھرنا وہ قول امامؓ — دفینے کا پانا سُنایا تمام
یہ سب سے کہے بیگم ہنسی زیرِ لب — کہ ہے جھوٹ ہے سچ ہے یہ کب
کہیں تیرے شوہر نے کی رہزنی — یہ دولت وہی ہے وہی ہے وہی

Marfat.com

نہ جانا جو سچ اس نے قولِ امام — ہوئی ایک دم میں وزارت تما[م]
جو تھا اس کا شوہر مقرب وزیر — عدو اس کا تھا اِک وزیرِ شریر
کہا پا کے موقع بہ سلطان سے — کہ اے شاہ کہتا ہوں ایمان سے
کہ فائن بہت ہیں وزیر ہمیں — میں رہتا ہوں دن رات اسی میں
اگر حکم ہو تو جانچوں حساب — کہ آئینہ ہو سب خطا و ثواب
کہا شاہ نے ہاں یہ اچھا تو ہے — عجب کیا جو ایسا ہو کھٹکا تو ہے
کیا حکم اور اس کا جانچا حساب — نہ وہ دے سکا کوئی اس کا جواب
کیا عرض شہ سے تو فرماں ہوا — کہ اُس کا تغلب نمایاں ہوا
کرو ضبط اس کے سب املاک و مال — نکالو شہر سے ابھی خستہ حال
نکالا گیا بفرمانِ شاہ! — برہنہ سر و پا بہ حالِ تباہ
غریب اپنی بیگم کو لے کے چلا — پریشان و غمگین و مضطر چلا
ملے راہ میں گھانی جزیرے — درہم دو ہی بس پاس بیگم کے تھے
دیا اِک درہم خریزہ لے لیا — کہ کھائیں گے اس کو دم اشتہا
لیا باندھ رومال کو کھول کے — وہ دونوں پھر آگے گئے وہ سپر
اسی روز شہزادہ نامدار — سحر سے گیا تھا برائے شکار
نہ آیا وہ گھر رات کو لوٹ کے — ہوا مضطرب خسرو بحر و بر
وزیرِ دوئم عرض پیرا ہوا — کہ اب مجھ کو اِک اور کھٹکا ہوا
نکالا گیا ہے جو فائن وزیر — وہ بے انتہا ہے خبیث و شریر
نہ شہزادہ ہو راستے میں ملا — کیا ہو نہ کچھ اس نے مکر و دغا

نہ شہزادہ ہو راستے میں ملا
کیا ہو نہ کچھ اس نے مکر و دغا

Marfat.com

ہوا حکم سلطان والا نیاز　　کہ چاروں طرف تیز جائیں سوار
کہاں وہ ملے پا یہ زنجیر لائیں　　بہت جلد جائیں بہت جلد جائیں
گئے لا کے کیا رُو برُو　　خشونت سے کی شاہ نے گفتگو
کہ رُومال میں ہے تیرے کیا بندھا　　کیا عرض اے شاہ ہے خربزہ؟
جو کھولا تو تھا شہزادے کا سر　　ہوا غمزدہ بادشاہ دیکھ کر!
کیا حکم غصہ سے جلاد ابھی　　اُڑائے سر اس کا ہے بیگم کا بھی
کہا پھر کرو قید انہیں رات بھر　　کیے جائیں گے قتل وقتِ سحر
پہنچ کر یہ زنداں میں بولا وزیر　　کہا اے بانو کے غمگسار و مُشیر
خُدا جانے ہم سے ہوئی کیا خطا　　کہ جس سے یکایک ہے آئی بلا
وزارت گئے اور نکالے گئے　　پکڑ آئے زنداں میں ڈالے گئے
یہ اندھیر ہوگا کہ پھر صبح دم　　کیے جائیں گے سر ہمارے قلم
یہ کیا ہے انہیں قہر خالق اگر　　ہوا خربزہ شہزادے کا سر
کہا اس سے بیگم نے یہ دو سیاہ　　سمجھتی ہے مجھ سے ہوا اک گناہ

کہا لکڑہارے کی عورت کا حال
وہ تکذیب اس کی وہ سب قیل و قال

سُنا جب یہ قصہ تو بولا وزیر　　نہیں ہے یہ تھوڑی سزا اے شریر
یہ سوئے ادب اور شانِ امام رض　　نہ کیوں تو نے یاور کیا وہ کلام
غرض توبہ کرتی رہی رات بھر　　ندامت سے روتی رہی رات بھر
اُدھر تو ہوئی صبح وہ آیا اُدھر　　بتاؤ کہاں رات بھر تم رہے
کیا عرض دن بھر تو کھیلا شکار　　سیاہی شب پھر ہوئی آشکار
نہ گھر آسکا باغ میں رہ گیا　　مُصیبت تھی اک رات کی سہ گیا

Marfat.com

کیا شاہ نے حسبِ فرمانِ شب — وزیر اسیر بُلا کر کیا پھر طلب
جو رُومال کھولا تو تھا جریزہ — کہا شاہ نے ہے یہ کیا ماجرا
وزیر ادب واں ثنا خواں ہُوا — پھر اگر شر اور قربان ہُوا
کیا عرض سارا وہ بیگم کا حال — وہ عورت کی شروت و سب قیل و قال
نہ تصدیق کرنا کلامِ امام رض — مفصّل سُنا کر کیا اختتام
گزارش کیا اِس نے پھر شاہ سے — مَیں راندہ گیا ہُوں جو درگاہ سے

یہی ہے خطا بس یہی ہے خطا
اسی کی سزا ہے اسی کی سزا

وگرنا کہاں مَیں، خیانت کہاں — یہ بے جُرم خواری کی ذلّت کہاں
کہا جریزہ اے شہہ دادگر — کہاں شہزادے کے دشمن کا سر
یہ سب سُن کر سُلطان نے یاور کیا — سفارت پہ اس کو مقرّر کیا
نکالا گیا اس کا دشمن وزیر — ہُوا ضبط مال و متاعِ شریر
جمیل اَب ہُوئی ختم یہ داستاں — طریقہ کرو فاتحہ کا بیاں
اہمّ المہمات ہو جس کو پیش — کسی سخت مشکل سے ہو سینہ ریش
یہ اُس کو ہے لازم کونڈے بھرے — کسی پاک چادر پہ اُن کو دھرے
کہے پہلے یہ پورا قصّہ تمام — پڑھے فاتحہ پھر بنامِ امام رض
توسّل سے حضرت کے مانگے مُراد — بر آئے گی، ہاں ہو درست اعتقاد
بڑے چھوٹے کونڈوں میں دونوں روا — کہ ہر شخص کی مقدرت ہے جُدا
کسی کو کندلی کا مقدور رہے — وہی اِس کو کافی ہے مقدور
بہت صاف میدے کی ہو پوریاں — جو ممکن ہو خستہ تو عمدہ ہے ہاں
نہیں تو نہیں جس طرح بن پڑے — کرے فاتحہ کچھ نہ اُس پر اڑے

Marfat.com

سوا سیر میدہ سوا پاؤ گھی نہ جب مقدرت ہو تو آشا سہی
نہ اتنا بھی ممکن ہو تو کم کرے کمی کا نہ اندیشہ و غم کرے

کیا جب قلم نے یہ قصّہ تمام
ہُوا داستان عجیب اس کا نام

فاتحہ کا کھانا جو جس بن پڑے حسبِ استطاعت پکائے اور پاک صاف جگہ پر رکھ کر تین یا پانچ سات یا گیارہ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف چاروں قل اور سورتیں جو کچھ یاد ہوں، پڑھ کر دُعا کرے، واسطے ہاتھ اُٹھا کر اور ایصالِ ثواب اس طرح کریں۔

الٰہی یہ کلام پاک اور دُرود شریف پڑھائے گئے ہیں۔ ان کا ثواب اور اس کھانے کا ثواب تو مجھ کو میرے عمل کے مطابق نہ دے، بلکہ اپنے فضل و کرم سے عطا فرما، اس کو بطور ایک ناچیز تحفہ کے اور بصورت ایک حقیر ہدیہ کے تیرے حبیب کریم اور اُن کی آل اطہار اور جملہ شہداءِ کربلا کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ قبول فرما!

یا الٰہی بہ طفیل اپنے حبیب پاک اور اُن کی آلِ اطہار اور جملہ شہداء کربلا کو اس کا ثواب پہنچا۔

جُملہ انبیاء مرسلین عَلَیہِ الصَّلوٰتُ وَالسَّلَام و اولیاءِ کرام علیہم السّلام اور خاص کر خدمت میں حضرت اِمامِ جعفر صادق علیہ السّلام اور جمیع مومنین و مومنات اور میرے تمام متعلقین کے پہنچا اور ان سب کے صدقے میں جو تیرے مقبول اور برگزیدہ بندے ہیں اور خصوصًا حضرت اِمام جعفر صادقؑ کے

کی عبادت وریاضت کے صدقے میں ہمارے دلی مقاصد پورے فرما
اور ہم سب کو دوستی ایمان و فلاحِ دارین عطا فرما۔ آمین ثمہ آمین

نوٹ: فاتحہ کا کھانا پکانے والا اس کے کپڑے اور جگہ جہاں کھانا پکایا جائے یا فاتحہ ہو اور سامان جس سے کھانا پکایا جاوے پاک صاف ہوں اور جگہ پر خوشبو وغیرہ بھی جلائی جاوے اور یہ فاتحہ ۲۲ رجب المرجب قبل از نماز صبح (فجر) ہونی چاہیئے۔

ختم شریف حضرت غوث پاک محبوبِ سبحانی

رحمۃ اللہ علیہ

درود پاک ۔ ۱۱۱ بار، سبحان اللہ والحمد للہ ۱۱۱ بار ۔ خذ بیدی شیئاً للہ ۱۱۱ بار، حضرت سلطان شیخ سید عبد القادر جیلانی المدد، سورۃ الم نشرح ۱۱۱ بار۔ اللہ شریف یا باقی انت الباقی ۱۱۱ بار، یا حضرت محی الدین مشکل کشائے بالخیر یا حضرت غوث اغثنا باذن اللہ ۱۱۱ بار۔ سہل فسہل یا الٰہی کل اصحاب بحرمت سید الابرار، امداد کن امداد کن از بندِ غم آزاد کن در دین و دنیا شاد کن یا شیخ عبد القادرا ۱۱۱ بار، درود شریف ۱۱۱ بار ۔ سورۃ فاتحہ ۔ ۱۱۱ بار۔

نوٹ: سامعین میں سے ایک شخص سورۃ یٰسین شریف پڑھے۔ اگر آدمیوں کی ہو تو تین مرتبہ اور اگر ہجوم عام ہو تو

Marfat.com

...ت مرتبہ پڑھیں۔ بعد میں دُرود شریف ۱۱ امرتبہ۔

نعت شریف

...ناب غوثِ اعظم میں تیرے بلہاریاں ، رَب دے پیارے مُنہ دکھا دے کردی آہ وزاریاں

...ں بکھی کا ہنوں جمّی درد عندی ماریاں ، رکھیں پردہ بے ہنر دا تینوں شرماں ساریاں

...ہے جینگی چاہے سندی جبھی ہاں میں تیریاں ، مار بھا دیں تار بھا دیں میں تے او گنہاریاں

...جھیاں لکھاں سیاں باہوں پھڑ پھڑ تاریاں ، در تے آیا تیرے سایاں من لے عرضاں ساریاں

در مدح حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ

میری آنکھوں میں پھرتی ہے وہ صُورت غوث الاعظمؒ کی
الٰہی خواب میں پھر ہو زیارت غوث الاعظمؒ کی

...مدد کرتے ہیں وقتِ آفت و رنج و مُصیبت میں
ہے میرے حال پر کیسی عنایت غوث الاعظمؒ کی

...جہاں مشکل ذرا سب ولی ہیں نور یاب ان کے
مثال مہر روشن ہے ولایت غوث الاعظمؒ کی

...لحد میں کہہ کے قم کس طرح ہیں مُردے گئے زندہ
نہیں اعجاز سے کچھ کم رحمت غوث الاعظمؒ کی

Marfat.com

منور ہو گیا دِل سراسر نورِ ایماں سے
عجب روشن ہوئی شمع ہدایت غوث الاعظمؒ
خدا کرتا ہے اس کی دستگیری دستِ رحمت سے
ہوئی ہے جس کو حاصل دست بیعت غوث الاعظمؒ

ختم شریف حضرت خواجہ معین الدّین چشتیؒ

درود اکبر ۱۱ بار۔ درود ہزارہ ۱ دفعہ۔ درود تاج ۱۱ بار۔ درود لکھی ۳ بار۔ درود ماہی ۳ بار۔ درود اسمائے مستجاب ایک بار، اور پھر کوئی آیتِ قرآنی پڑھے اور اس کے بعد سورۃ فاتحہ، ایک بار۔ اور درود شریف تین بار پڑھ کر ان کو بخشے۔

ختم شریف حضرت علی احمد صابر رحمۃ اللہ علیہ

اَللّٰہ اَللّٰہ دوسو مرتبہ یارب العلمین فضل کر ستر مرتبہ اور یا رحمۃ اللعلمین ۲۱ بار اور سورۃ قلم و سورۃ نوح و سورۃ جن ایک ایک مرتبہ پڑھئے اگر نہ یاد ہو تو پھر جو بھی آیات قرآنی یاد ہو تو پڑھے اور بعد میں درود شریف پڑھے اور ثواب اس کا علی احمد صابر کو بخشے۔

Marfat.com

ختم شریف محکم دین یعنی حجرہ شاہ مقیم

یہ بھی ختم ایک ہے، اس کو ایک ہی آدمی خفیہ کر سکتا، یعنی پچھلی رات کو اُٹھے اور وضو سے پاک صاف ہو کر بغداد شریف کی طرف مُنہ کرے اور قصوانیوں کو سامنے رکھے اور یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سبع وحلم وَسَلِّمْ عَلَیْہِ۔ جتنا ہو سکے اور اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

ستر بار پڑھ کر باری تعالیٰ سے دُعا مانگے۔ اگر چالیس دن ایسا کرتا رہے تو اُمید ہے کہ وہ ولی اللہ ہو جاتا ہے۔

ختم شریف حضرت مخدوم میراں پاک بہاول شیر قلندر حجرہ شاہ مقیم

رحمۃ اللّٰہ علیہ

حَسْبِیْ رَبِّیْ جَلَّ اللّٰہُ مَا فِیْ قَلْبِیْ غَیْرُ اللّٰہِ نُوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا اِلٰہَ بلند آواز سے اکیس مرتبہ اور بعد میں یہ پڑھے۔ یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْمُ یَآ اَللّٰہُ یَا کَرِیْمُ یَا حَفِیْظُ یَا حَبِیْبُ یَآ اَللّٰہُ یہ سب اسمائے ربّی علیحدہ تین مرتبہ پڑھو۔ یا کہ کرونیں یعنی فا دینا اللہ میں اتنا توڑ کر پڑھے، بعد ازاں سُورۃ یٰسین پڑھ کر ان پر بھی جو دُرود شریف آتا ہو، پڑھے۔ بعد ازاں دُعا مانگے۔

Marfat.com

ختم شریف حضرت علاؤ الدین صابر کلیر شریف

یہ صاحب خداوند تعالیٰ کے خاص برگزیدہ بندوں میں سے ہوگ
ہیں۔ جو اصحاب ان کا ختم شریف دلوائیں، دینوی اور آخروی مقاصد میں
کامیاب ہو جائیں گے۔ ختم شریف کی ترتیب یہ ہے کہ پہلے بسم اللہ
شریف ایک سو بار، پھر سورۃ فاتحہ ساٹھ بار بعد اس کے سورۃ
آلِ عمران ۱۰ بار، سورۃ انعام ایک ہزار بار۔ سورۃ انفا
ستر بار، پھر درود شریف اور سورۃ فاتحہ پڑھ کر اُن کی روح کو ثوا
پہنچا دیں۔

ختم شریف میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرات اس ختم شریف کا ثواب اس قدر زیادہ ہے، جو احا
تحریر میں نہیں آسکتا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

تمام تعریفیں اُسی قادرِ مطلق کے لئے ہیں جس نے انسان کو پیدا
کیا۔ اُسے بولنے کی قوت اور عقل کی نعمت عطا فرما کر دوسرے تمام
حیوانات پر اُسے برتری عطا فرمائی۔ پھر اُن نیک بندوں ہی میں سے ایک
گروہ کو دُنیا والوں تک اپنا پیغام پہنچانے کے لئے منتخب فرمایا۔ ہر زمانے

Marfat.com

اور ہر قوم کے مزاج کے مُطابق انبیاءِ علیہم الصلوٰتُ والسّلام کو مبعوث فرمایا دو شنبہ (پیر) کے دن ۱۲ ماہ ربیع الاوّل مطابق ۲۰ اگست ۵۷۰ء عیسوی کو نبی آخر الزماں حضرت سیّدنا محمد الرّسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مکّہ مکرمہ میں پیدا ہُوئے، آپ کو اَشرف الدنیا بنایا گیا اور نبوّت کا سلسلہ آپ پر ختم کر دیا گیا۔

ترکیب ختم شریف : سُورۃ قیامت ۵۰ بار۔ دُرُود شریف ۸۰ بار قُلْ ھُوَ اللّٰہُ سو بار، سُورۃ مُرسلات ۴۰ بار، یَا نَصِیْرُ پانچ سو بار۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ساٹھ بار۔ بِسْمِ اللّٰہ ۴۵ بار۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۶۰ بار، بعد ازاں نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ خالص نیّت اور بغیر کسی ریا کے مذکور ختم کا ثواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو پہنچا دیں۔

ختم شریف شاہ محمد غوث رحمۃ اللہ علیہ

ترکیب ختم سُورۂ حَاقّۃ تیس بار، سُورۂ مُعارِج پچیس بار یا سُورۂ فتح اکیس بار۔ یَا مُسَبِّبُ الْاَسْبَاب ستّر بار، سُورۃ نُوح دس بار، سُبْحَانَ اللّٰہ تین سو بار، اَللّٰہُ اَکْبَرُ ایک ہزار بار، یَا غَمْس ایک سو بار، بعد ازاں دُعا مانگیں، جیسا کہ قاعدہ گذشتہ مضمون میں بتایا گیا ہے۔

ختم شریف میاں نظام الدین رحؒ اولیاء دہلی

ترتیب ختم: پہلے دُرُود شریف چھ بار اور سُورۃ یٰسین تین بار،

Marfat.com

بعدازاں سورۃ مدثر دس بار، سورۃ قیامت، سورہ اخلاص تین سو بار، یا کریم ۸۰ بار۔ یا رحیم ۱۶ بار، یا جبار ایک سو ساٹھ بار۔ یا ستار ایک ہزار بار۔ بعدازاں سورۃ رحمٰن نہایت بہترین طریقہ سے پڑھ کر دعا مانگیں، تاکہ خداوند لایزال اولیاء مرحوم کو اس ختم کا ثواب دے کر جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔

ختم شریف حضرت فخرالدین رحمۃ اللہ علیہ

قارئینِ کرام کو معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ صاحب کس پایۂ کے اولیاء گذرے ہیں۔ ان کا رتبہ خداوند تعالیٰ کے نزدیک بہت ہی بلند ہے، جو شخص ان کے نام کا ختم شریف پڑھا دے، یقین سے ان اصحاب کو بتلایا جاتا ہے کہ وہ جلد اپنے دلی مقاصد کو حاصل کریں گے۔

ترتیب ختم درود شریف ایک سو بار، سورۃ نازعات بیس بار، سورہ عبس چاربار، سورہ مرسلات دس بار، سورہ فاتحہ تیس بار، یاحق یا مدد تین سو بار، سورہ رحمٰن دس بار، بعدازاں درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔

ختم شریف خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب یہ ہے درود شریف ۴ بار۔ الحمد للہ دس بار یا قہار ۸۰ بار، سورۃ تکویر، تیس بار،

Marfat.com

سورۃ انفطار دو بار۔ سورۃ انشقاق ۱۰ بار، سورۃ بروج پندرہ بار، سورۃ طارق ستر بار، سورۃ اعلیٰ ۸ بار، سورۃ غاشیہ ۷ بار، سورۃ فجر ۴ بار، یا ستار پندرہ بار، یا غفار پچاس بار، بعد ازاں درود شریف اور الحمد شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔

ختم شریف حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کامل ہستی سے کون واقف نہیں اور بچہ بچہ آں جناب کی برکات کا معتقد ہے۔
ضرورت مند حضرات ان کا ختم پڑھا کر اپنی دلی آرزوں کو حاصل کریں۔ ترکیب ختم یہ ہے۔

درود شریف دس بار، بعد ازاں سورۃ فاتحہ اکیس بار، سورۃ والشمس ۵۰ بار، سورۃ واللیل پچاس بار، سورۃ غاشیہ ۴۰ بار۔ سورۃ طارق پچاس بار۔

ختم شریف حضرت میراں بادشاہ رحمۃ اللہ علیہ لاہور

دفع وبا کے لئے ان کا ختم شریف پڑھانا بہت مفید ہے محتاج لوگ ان کا ختم پڑھا کر اپنی جملہ مصائب اور کرب کو دور کریں۔

ترکیب ختم اوّل جس کمرے میں ختم دلوائیں، اس کو بطریق احسن صاف کریں تاکہ کسی قسم کی گندگی، غلاظت نہ رہے

درود شریف پندرہ بار۔ سورۃ والتین چھ بار، سورۃ والضحیٰ دس بار، سورۃ الم نشرح چالیس بار۔ یا غفار ایک سو بار، یا قہار تین سو بار اور الرحمٰن کو نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھیں اور دعا مانگیں۔

ختم شریف حضرت شاہ دولہؒ گجرات، پنجاب

ان کو ہر ایک شخص جانتا ہے کہ بے اولاد والیاں ان کے ہی مزار پر جاکر دلی مرادیں حاصل کرتی ہیں۔ اس لئے ان کا ختم دلانا بھی نہایت کارِ خیر ہے۔ یہ حصولِ مقاصد کا بہترین مقام ہے۔ سب سے پہلے درود شریف ایک سو بار، بعد ازاں قرآن پاک کے اوّل دس پارے کو خالص نیت سے پڑھیں۔ بعد اس کے سورۃ والتین دس بار، سورہ علق تیس بار، سورۃ قدر ایک سو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں، انشاء اللہ تمام مرادیں آپ کی بر آئیں گی۔

ختم شریف معراج شریف سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

عزیزان! معراج کے موقعہ پر ختم دلانا اس قدر باعثِ ثواب ہے۔ جس کا اندازہ احاطہ تحریر سے بالاتر ہے۔

ترتیب یہ ہے قرآن مجید کے آخری دس پاروں کو پڑھیں ازاں بعد درود شریف پانچ سو بار و سورۃ زلزال

Marfat.com

پانچ بار، سورۃ العادیات دس بار، سورۃ القارعہ، سورۃ تکاثر، سورۃ والعصر، تینوں کو چار چار دفعہ پڑھیں۔ بعد ازاں ختم کی دعا مانگ کر اس کا ثواب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح اقدس کو بخشیں۔

ختم شریف حضرت مادھو لعل حسین لاہور

طریقہ ختم یہ ہے کہ الحمد للہ ایک سو مرتبہ، سورۃ اخلاص چالیس مرتبہ، سورۃ کافرون پچیس بار، سورۃ فیل دس مرتبہ، سورۃ قریش ایک ہزار مرتبہ، سورۃ ماعون تیس مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد خلوص نیت سے دعا مانگیں۔

ختم شریف حضرت شیخ شرف الدین کلکتہ

جو شخص محتاج اور تنگ ہو دست ہو تو ان کا ختم صدق نیت سے پڑھیں۔ انشاء اللہ ان کی حالت بہت جلد اچھی ہو جائے گی۔

طریقہ ختم یہ ہے کہ سورۃ الم نشرح پندرہ بار بسم اللہ تیس بار، یا ستار تیس بار، والتین پانچ بار، سورۃ علق ساٹھ بار، بعد ازاں دعا مانگیں اور اپنی مراد کا بھی تذکرہ کریں۔

ختم شریف حضرت شیخ مصری رحمۃ اللہ علیہ بمبئی

Marfat.com

اِن کا ختم نظرِ بد کو رفع کرنے کے لئے نہایت ہی مفید ہے اور انسان جملہ مصائب سے محفوظ رہتا ہے۔

ختم کا طریقہ یہ ہے۔

سُورۃ الحدید ایک سو مرتبہ، سُورۃ حشر پندرہ مرتبہ سُورۃ جُمعہ چالیس مرتبہ، سُورۃ منافقون اور سُورۃ تغابن ایک ہزار بار، بعد ازاں دُعا مانگیں۔ اِنشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو گی۔

ختم شریف حضرت کانوال والہ گجرات

برادرانِ اسلام! اگر کسی شخص کی اپنی بیوی کے درمیان مخالفت ہو تو بروز جُمعۃ المبارک ان کا ختم شریف پڑھاویں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کے درمیان اُلفت و محبت کا رابطہ مستحکم ہو گا۔

طریقہ: یہ ہے کہ پہلے درود شریف دس بار، پھر سُورۃ جُمعہ چالیس بار اور سُورۃ طلاق پندرہ بار، سُورۃ فاتحہ ایک ہزار بار، یا ستارُ ایک سو مرتبہ اور سُورۃ تغابن نوّے ۹۰ بار، بعد ان کے اپنی آرزو کا بھی تذکرہ کریں۔

شبِ براتِ شعبان المعظم

اس روز حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امیر حمزہ رضؓ اور حضرت بی بی فاطمہ رضؓ اور حضرت اویس قرنی رضؓ کا فاتحہ حلوے

Marfat.com

پڑھنا چاہیئے۔ نیز تمامی بزرگانِ دین و مردگانِ قرابتی کو ختم میں شامل کرے۔

ترکیب نان مُبارک

رجب کے مہینے میں جو پہلا ختم پڑھے اس میں سوا من یا جتنی مقدرت ہو آٹا منگوا کر شکر و تل ڈال کر روٹی پکائی جائے اور اس پر چار بار سورۃ تبٰرک الذی الخ پڑھ کر خود کھانا تقسیم کرنا اور دوسرں کو کھلانا ہے۔ اس کے بعد دُعا ہوگی۔

حکایت

حضرت عیسٰی علیہ السلام ایک قبر کے قریب سے گزرے دیکھا کہ قبر والے میت کو بڑا عذاب ہو رہا ہے۔ یہ دیکھ کر چند قدم آگے تشریف لے گئے اور وہاں سے استنجا کر کے واپس آئے۔ اب جو اُس قبر پر سے گزرے تو ملاحظہ فرمایا کہ اس قبر میں نور ہی نور ہے اور وہاں رحمتِ الٰہی کی بارش ہو رہی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہُوا۔ اے عیسٰیؑ یہ بندہ سخت گنہگار اور بدکار تھا اس وجہ سے عذاب میں گرفتار تھا، لیکن اس نے اپنی بیوی حاملہ چھوڑی تھی۔ اس کے لڑکا پیدا ہُوا اور آج اس کو مکتب میں بھیجا گیا۔ اُستاد نے اس کو "بسم اللہ" پڑھائی مجھے حیا آئی کہ میں زمین کے اندر اس شخص کو عذاب دوں کہ جس کا بچہ زمین پر میرا نام لے رہا ہے۔

Marfat.com

حضراتِ گرامی: غور کریں کہ ایک بچہ عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا بسم اللہ پڑھ کر اپنے والدین کی بخشش کا ذریعہ بن سکتا ہے تو تمام نبیوں کے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت کا بچہ بھی بسم اللہ پڑھ کر اپنے والدین کے لئے بدرجہ اولیٰ بخشش کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ آپ بھی بچوں کو دینی تعلیم دلوائیں۔ آج دُنیا، کل آخرت دس دُنیا ستر آخرت۔

نعت شریف

کلام حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحبؒ گولڑوی

سُبحَانَ اللّٰہِ مَا اَجمَلکَ ... مَا اَحسَنکَ مَا اَکمَلکَ
کتھے مہر علی کتھے تیری ثناء ... گُستاخ اکھیاں کتھے جا اڑیاں
اَج سِک مِتراں دی وَدھیری اے ... کیوں دِلڑی اُداس گھنیری اے
لُوں لُوں وِچ شوق چنگیری اے ... اَج نیناں لائیاں کیوں جھڑیاں
مُکھ چند بدر شعشانی اے ... متھے چمکے لاٹ نورانی اے
کالی زُلف تے اکھ مستانی اے ... مخمور اکھیں ہِن مدھ بھریاں
دو ابرو قوس مثال دِسن ... جیں توں نوک مژہ دے تیر چھٹن
لباں سُرخ اکھاں لعلِ یمن ... چٹے دَند موتی دیاں ہِن لڑیاں
اس صُورت نوں میں جان آکھاں ... جانان کہ جانِ جہان آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں ... جس شان تھیں شاناں سب بنیاں
ایہہ صُورت ہے بے صُورت تھیں ... بے صُورت ظاہر صُورت تھیں

Marfat.com

بے رنگ دِسے اِس صورت تھیں　　وِچ وحدت پھٹیاں جد گھڑیاں
سے صورت راہ بے صورت دا　　توبہ راہ کی عین حقیقت دا
کم نہیں بے سوجھت دا　　کوئی وِرلیاں موتی لے تُریاں
ہا صورت شالا پیش نظر　　رہے وقت نزع تے روز حشر
چ قبر تے پل تھیں جد ہوسی گذر　　سب کھوٹیاں تھیسن تد کھریاں
ہو مکھ تھیں مخطط بردمیں　　مَن بھاتوری جھلک دکھاؤ سجن
ہا مٹھیاں گالیں، الاؤ مٹھن　　جو حمرا وادی سن کریاں
رے توں مسجد آؤ ڈھولن　　نوری جھات دسے کارن سارے سکن
عگ اکھیاں راہ دا فرش کرن　　سب اِنس و ملک حوراں پریاں
ہاں سِکدیاں تے کرلاندیاں تے　　لکھ واری صدقے جاندیاں تے
ہاں بریاں مفت وکاندیاں تے　　شالا آون وت وی اوہ گھڑیاں

○

اسم محمد ﷺ
میں مقبول عام نعت شریف

ج سِک متراں دی ودھیری اے　　کیوں دِلڑی اداس گھنیری اے
ں لوں وِچ شوق چنگیری اے　　اَج نیناں لائیاں کیوں جھڑیاں

اعلیٰ حضرت قطب عالم پیر سید مہر علی شاہ صاحب
گولڑہ شریف کی تحریر ہے۔

Marfat.com

ے خواب میں اُس کی شکل نظر آئی اور زُلفوں سے خوشبو مہکی جس کے مشاہدہ سے میں مدہوش ہو گیا۔

یاد رہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خواجہ پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کو وادیٔ حمرا میں زیارت ہوئی۔ یہ نعت پنجابی لاتعداد قوالوں نے بصورت قوالی پیش کی اور گلوکاروں نے اپنی اپنی سریلی آوازوں سے مختلف طرزوں پر سامعین کے سامنے پیش کی۔ سُبحان اللہ

ملک محمد اشرف نقشبندی کلر بالیہ گجراں۔

و : ولی علیؓ دا اے، علیؓ ولی دا اے، ہے ای شک تے گل آزما ویکھو
در ولی تے علی علیؓ ہوندی کیسے ولی دے در تے جا ویکھو
مشکل حل کر مشکل کشا دیندے ولی علیؓ اگے سیس نوا ویکھو
بگڑی مُدتاں دی بن جاندی اشرف کسے ولی نوں اپنا بنا ویکھو

الف : اَج میں رَج کے حج کیتی جند گھولی مہر ماہی سید پاک اُتوں
پھل ہے ملدیاں دی گلوں توڑ بھاہی غم دُور کیتے غمناک اُتوں
پچھے مار داڈبیاں بیڑیاں نوں، کھتی جاتقندیل افلاک اُتوں
ملک اشرف نوں تاریا مہر علی رتبہ دُور قیاس ادراک اُتوں

ت : تک باغ توحید والا کوئل بلبلاں نے آن کے زور کیتا
کہندیاں پیر مہر علی شاہ سُنائیں، پیرا تیرے جہیا نہ رب نے ہور کیتا
رب نے مہر تھیں تُساں تے مہر کیتی اُچا بول آواز ایہہ مول کیتا
اشرف سُن کے سوہنا نام روشن سارے پنکھیاں باغ وچہ شور کیتا

Marfat.com

شجرۂ سلسلۂ چشتیہ منظوم

اے خداوندا! تو ذاتِ کبریا کے واسطے
رحم کر مجھ پر محمدِ مصطفےٰ ﷺ کے واسطے

ں ہوا ہوں سخت زار اس بندِ محنت میں اسیر
کھول دے مشکل علی المرتضےٰ رضؓ کے واسطے

واجۂ بصری حسن رضؓ کا نام لاتا ہوں شفیع
شیخ عبدالواحد رحؒ اہلِ بقا کے واسطے

ضل کر مجھ پر طفیل خواجۂ ابنِ عیاض رحؒ
شاہ ابراہیم رحؒ بلخی بادشاہ کے واسطے

حضرت خواجہ حذیفہ رحؒ کے لئے ٹک رحم کر
پھر ہبیرؒ البصری صاحبِ ہدا کے واسطے

خواجۂ ممشاد رحؒ کی خاطر میرا دل شاد کر
شیخ بو اسحاق رحؒ قطبِ چشتیا کے واسطے

خواجۂ مودود رحؒ حق اور خواجۂ حاجی شریف رحؒ
خواجۂ عثمان رحؒ اہلِ اقتداء کے واسطے

والئی ہندوستان خواجۂ معین الدین حسن رحؒ
شیخ قطب الدین قطب الاتقیاء کے واسطے

کام کر شیریں طفیلِ خواجہ گنج شکر رحؒ
اور نظام الدین رحؒ محبوبِ خدا کے واسطے

دل کو روشن کر طفیلِ شہ نصیر الدین چراغ
اور کمال الدین کمالِ اصفیہ کے واسطے

دور کر ظلمت سراج رحؒ دین و دنیا کے طفیل
اور علم الحق والدین الہدا کے واسطے

حضرت محمود رحؒ راجن سرورِ دنیا و دیں
اور جمال الدین جمن صاحب صفات کے واسطے

شاہ حسن رحؒ اور خواجۂ شیخ محمد رحؒ کے طفیل
حضرت یحییٰ رحؒ مدینی مقتدیٰ کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیلِ شاہ کلیم اللہ رحؒ ولی
اور نظام الدین رحؒ مقبولِ خدا کے واسطے

دین و دنیا کا وسیلہ پیرِ عالم فخرِ دیں
خواجۂ نور محمد رحؒ رہنماء کے واسطے

حضرت خواجہ سلیمانؒ دو جہاں کے دستگیر
قبلۂ حاجات کعبۂ مدعا کے واسطے

کر کرم مجھ پر طفیلِ خواجۂ عالی جناب
شیخ شمس الدین رحؒ شمسِ چشتیہ کے واسطے

صاحبِ صدق و صفا عالی مراتب بے ریا
خواجۂ شہ مہر علی رحؒ نورالوریٰ کے واسطے

Marfat.com

میر بزمِ عاشقاں ہم شہسوار راہِ حق　　شاہِ غلام محی الدین دُرِّ صفا کے وا
بخش دے اپنی محبت قطع کر دے ماسوا　　واسطے پیرانِ شجرۂ چشتیا کے وا

چو نورِ فخرِ رسالت بشاہ سُلیمانؒ تافت
ز نورِ شمسِ سُلیمانؒ بتافت مہرِ علیؒ

○

سلسلۂ قادریہ جدید منظوم

(حضور قبلہ عالم)

اے خداوندا! تو ذاتِ کبریا کے واسطے　　فضل کر مجھ پر محمدؐ مصطفٰے کے واسطے
میں ہوا ہوں سخت عاجز بند غفلت میں اسیر　　کھول دے مشکل علی المرتضٰےؓ کے واسطے
خواجہ بصری حسنؓ کا نام لاتا ہوں شفیع　　خواجہ حبیب العجمیؒ اہلِ حیا کے واسطے
کر کرم مجھ پر طفیل خواجہ داؤدؒ طے　　خواجہ معروف کرخیؒ بادشاہ کے واسطے
حضرت شہ سرّی سقطیؒ کے لیے ٹک رحم کر　　شاہ بغدادی جنیدؒ اتقیاء کے واسطے
شاہ شبلیؒ کے طفیل اب دل کو میرے شاد کر　　اور عبدالواحد تمیمیؒ صاحبِ رضا کے واسطے
عبدالعزیز یمنیؒ کی خاطر ہو مجھ پر مہربانی　　شاہ علاؤالدین طرطوسیؒ صفا کے واسطے
از طفیلِ حسن خرقانیؒ کہ وہ ہے مقتدا　　شاہ مخزومیؒ مبارک اقتدائی کے واسطے
حضرت شاہ غوثِ اعظمؒ دستگیر بے کساں　　واصلانِ دین عارف پیشواء کے واسطے
حضرت عبدالرزاق کو بود شاہِ اولیاءؒ　　شاہ نورالدین صاحب پارسا کے واسطے
حضرت شاہِ احیاءؒ کا جان و دل سے ہوں غلام　　شاہِ بہاؤالدینؒ موسیٰ جی عطا کے واسطے

Marfat.com

شاہ فرخ شاہ رح شاقوتی کہ ہے، وہ پیشوا — احمد قدوس رح شاہ اولیاء کے واسطے
شاہ مولانا محمد رح مغربی کا فیض عام — شاہ عبدالحق رح مغرب پر ہدی کے واسطے
شاہ عباس الیاس مغربی شُد چرم پوش — میراں شاہ قادر قمیص رح باسخا کے واسطے
شاہ عبداللہ رح کی شفقت ہر کسی پر عام ہے — حضرت میراں رح مقارب رہنما کے واسطے
سید شاہ فاضل رح قلندر، عارف و صاحب کرم — سید عبدالقادر ثانی ضیاء کے واسطے
شاہ مظفر رح مہرباں بر ہر غریب و بے کساں — صافی ملاح کشتی بان عصا کے واسطے
حضرت شاہ سبز رح پانی پتی کا ہے فیض سب — فضل کر شاہ لعل والی خوش لقا کے واسطے
سید شاہ سرمست رح حضرت صاحب عز و شرف — گوہر رح شاہ یار محمد رح بے ریا بہا کے واسطے
پیر عابد شاہ رح حضرت چشمۂ آب حیات — حضرت سید رسول رح بن مرتضیٰ کے واسطے
صاحب عز و شرف مسکین شاہ رح کا فیض عام — اور فضل الدین ہادی رہنما کے واسطے
قمری باغ شریعت پیر سید فضل دین رح — طوطی باغ طریقت پیر ہدیٰ کے واسطے
نور عظمت، گنج وحدت، رہبر راہ طریق — خواجہ شاہ مہر علی رح شاہ بادشاہ کے واسطے
میر بزم عاشقاں ہم شہسوار راہ حق — شاہ غلام محی الدین رح دُرِّ صفا کے واسطے
ڈوبا جاتا ہوں خدایا ہاتھ میرا تھام لے — خاطر اس پیر کامل رہنما کے واسطے

نفس شیطان سے پناہ دے یا حفیظ الحافظین
واسطے پیران شجرۂ قادریہ کے واسطے

○

گر ہمی خواہی بعقبیٰ اے برادر! سروری
باش در دنیا محب خاندان قادری

○

Marfat.com

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

شجرہ عالیہ طیبہ قادریہ نقشبندیہ مجددیہ

سجادہ نشین صاحبزادہ الحاج پیر محمد مطلوب الرسول صاحب للّٰہی

دربار عالیہ نقشبندیہ، مجددیہ، قادریہ للّٰہ شریف، جہلم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جائے دفن	سلسلہ	تاریخ وصال
	خداوندا طفیلوں پیر گل دے!	
	محمد مجتبیٰ ہادی سب دے!	سنہ ۱۱ھ
مدینہ منورہ	طفیلوں یار اُس دے شاہِ مرداں	سنہ ۴۰ھ
نواح کوفہ نجف	حسن بصری بھی ہے درماں درداں	سنہ ۱۱۰ھ
بصرہ	طفیلوں شیخ عجمی پُر صفائی	سنہ ۱۲۱ھ
بصرہ	طفیلوں راہنما داؤد طائی	سنہ ۱۶۵ھ
کوفہ	طفیلوں پیر کرخی فیض مالک	سنہ ۲۰۰ھ
کرخ	طفیلوں شیخ سری مرد سالک	سنہ ۲۵۳ھ
بغداد	مرید اُس دا جو ہے جنید والی	سنہ ۳۰۲ھ
بغداد	طفیلوں اُس دی تے شیخ شبلی	سنہ ۳۳۴ھ
بغداد	طفیلوں عبد واحد بُو الفرح بھی	سنہ ۴۲۷ھ
بغداد	علی ہکار تے بُو الحسن نامی	سنہ ۴۸۶ھ
بغداد	طفیلوں شیخ مخدومی مکرم (ابو سعید مخدومی)	سنہ ۵۰۸ھ

Marfat.com

تاریخ وصال	سلسلہ	جائے دفن
۵۶۲ھ	طفیلوں پیر پیراں غوثِ اعظم	بغداد
۵۹۵ھ	مُریداُس دے طفیلوں عبد رزاق	بغداد
۵۷۳ھ	طفیلوں شیخ شرف الدین مشتاق	مصر
۶۰۳ھ	طفیلوں عبدالوہابی حضوری	بغداد
	بہاؤالدین سیّد ہے حضوری	
	طفیلوں پیر وچہ دربار منظور	
	جو ہے سیّد عقیل اُس نام مشہور	
	طفیلوں شاہ شمس الدین اکمل	
	مُریداُس دے گدا رحمان اوّل	
	طفیلوں بوالفضل صاحب معارف	
	طفیلوں سیّد شمس الدین عارف	
	گدا رحمان دُوجے دی طفیلوں	
	طفیلوں بھی خلیفے شاہ فضیلوں	
۹۹۹ھ	طفیلوں شاہ کمال کیتھلی دے	کیتھل
۱۰۲۵ھ	طفیلوں شاہ سکندر کیتھلی خوش ولی دے	کیتھل
	طفیلوں پیر جس دی فیض بے حد !	
۱۰۳۴ھ	مجدد الف ثانی شیخ احمد	سرہند
	طفیلوں نائب اُس دے خاص فرزند	
۱۰۷۰ھ	جو ہے خواجہ سعید اُس دا جگر بند	سرہند
۱۱۲۶ھ	طفیلوں پیر جو عبدالاحد ہے	سرہند

Marfat.com

تاریخ وصال	سلسلہ	جائے دفن
سنہ ۱۱۶۰ھ	محمدؐ عابد اُس دی بھی مدد ہے	دہلی
سنہ ۱۱۹۵ھ	طفیلوں پیر مرزا جان جاندے	دہلی
سنہ ۱۲۴۰ھ	غلام شاہ علی قطب زمان دے	دہلی
سنہ ۱۲۷۰ھ	طفیلوں غوثِ عالم پیر نوری	
	غلام محی الدین مولے قصوری	قصور
سنہ ۱۳۰۶ھ	طفیلوں قطبِ عالم بحرِ فیضاں غلام احمد نبی	اللہ
	محبوبِ سبحاں	
سنہ ۱۳۱۷ھ	محمد دوست الٰہی دے طفیلوں	
	جو قیوم حق پختہ دلیلوں	
سنہ ۱۳۳۰ھ	طفیل عبدالرسول آں پیر ثالث	اللہ
	جو معدن فیض کرامت دے ہیں وارث	
سنہ ۱۳۶۸ھ	یہ مقبول الرسول آں پیر نوری	اللہ
	ہے دربار رسالت وِچ حضوری	
سنہ ۱۳۷۶ھ	بحرمت مفتی و قطبِ زمانہ	
۱۰ رجب	محمدؐ کی عطا ہو جاودانہ	رتہ
	بھی مطلوب الرسول عاجز ہے بیحد	
	ہووے منظور وِچ دربارِ احمد	
	سلامت نال رکھ ایمان کامل	
	ہووے سبھاں نوں ہر دم فیض شامل	

Marfat.com

شجرہ نقشبندیہ حضرت غلام نبی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ وصال	سلسلہ	جائے دفن
ربیع الاول سنہ ۱۱ھ	بحرمت سید عالم سہاری	مدینہ منورہ
جمادی الاول سنہ ۱۳ھ	بحرمت ابو بکر جو یار غاری	مدینہ منورہ
رجب سنہ ۳۳ھ	بحرمت فارسی سلمان دی بھی	مدائن
جمادی الاول سنہ ۱۰۷ھ	بحرمت قاسم بن بو بکر دی	مدینہ منورہ
رجب سنہ ۱۴۸ھ	بحرمت جعفر صادق پیارے	مدینہ منورہ
شعبان سنہ ۲۳۴ھ	بحرمت بایزید اللہ دے تارے	بسطام
محرم سنہ ۴۲۴ھ	بحرمت ابوالحسن فیضان دی سائیں	خرقان
سنہ ۴۹۷ھ	ابوالقاسم جیہا بھی ہور ناہیں	گرگان
سنہ ۴۷۷ھ	بحرمت بو علی فارمد دے پیر	فارمد علاقہ طوس
سنہ ۵۳۶ھ	ابو یوسف تمامی خلق دے وہیر	ہمدان
سنہ ۵۷۵ھ	بحرمت عبد خالق غجدوانی !	غجدوان
سنہ ۶۱۶ھ	بھی خواجہ ریوگری اُس دی نشانی	ریوگر
سنہ ۷۱۵ھ	بحرمت فغنوی محمود انجیر	انجیر فغنوی
سنہ ۷۲۱ھ	علی رامیتنی اس تھیں ہویا پیر	رامیتنی علاقہ درام
سنہ ۷۵۵ھ	بحرمت حضرت بابا سماسی	مشہد
سنہ ۷۷۱ھ	جو ہے سید کلال اُس دا بھی ساتھی	سوخار
	بحرمت تاج سبھناں خواجگان دے	بخارا
سنہ ۷۹۱ھ	بہاؤالدین امام نقشبنداں	

Marfat.com

تاریخ وصال	سلسلہ	جائے دفن
	بحرمت عاشقاں ذاتِ الٰہی !	
سنہ ۸۰۲ھ	علاؤالدین تے یعقوب چرخی	بخارا
سنہ ۸۹۵ھ	مُرید اُس دا ولی احرار آیا	سمرقند
سنہ ۹۳۶ھ	محمد زاہد اِس تھیں فیض پایا	وخش
سنہ ۹۷۰ھ	بحرمت ہر دو ہاں تے خواجہ درویش	استقرار علاقہ سبز
سنہ ۱۰۸۰ھ	تھیا بھی خواجگی جس تھیں صفاکیش	امکنہ
سنہ ۱۰۱۲ھ	بحرمت خواجہ باقی باللہ ہادی	دہلی
سنہ ۱۰۳۴ھ	مجدد الف ثانی دِل دی شہادی	سرہند
سنہ ۱۰۷۹ھ	بحرمت پیر خلقاں خواجہ معصوم	سرہند
سنہ ۱۰۹۶ھ	بحرمت شیخ سیف الدین مرحوم	سرہند
سنہ ۱۱۲۵ھ	بحرمت سید نور محمد	دہلی
	ہدایت جس تھیں ہوئی ہے بلا حد	
سنہ ۱۱۹۵ھ	بحرمت مرزا مظہر معالی	دہلی
	لقب جس دا حبیب اللہ عالی	
	بحرمت پیر جس فیضان جلّی ہے	
سنہ ۱۲۴۰ھ	جو نام اوس دا غلام شاہ علی ہے۔	دہلی
	بحرمت قطبِ عالم اوہ حضوری	
سنہ ۱۲۷۰ھ	غلام شیخ محی الدین قصوری	قصور
	بحرمت شیخ دین قیوم اعظم	
سنہ ۱۳۰۶ھ	حافظ غلام نبی مخدوم عالم	للہ

Marfat.com

تاریخ وصال	سلسلہ	جائے دفن
۱۳۱۲ھ	محمّد دوست دی حرمت خدایا میری مشکل دو عالم کر کشایا	للہ
۱۳۳۰ھ	بہ پیر عبد الرسول اللہ ہادی مریداں صادقاں دے دِلدی شادی	للہ
۱۳۶۸ھ	بہ مقبول الرسول آں پیر صادق حقیقت وِچ ہے غواصِ حقائق	للہ
۱۰ رجب ۱۳۷۶ھ	بحرمت مُفتی و قطبِ زمانہ محمدؐ کی عطا ہو حبا ودانہ بھی مطلوب الرسول عاجزا الٰہی! بھی جو صاحبِ طریقت پیر بھائی گناہ تے عیب، ریا جملہ کر دور محبت اپنی تھیں سینہ پُر نور ایہہ چشمہ فیض دائم رکھ خدایا ہے جس تھیں فیض لوکاں عام پایا	رتہ

نوٹ: شجرہ ہذا کی طباعت بفرمائش صاحبزادہ الحاج حافظ محمد مطلوب الرسول صاحب للہی، پس ماندگان مولوی محمد جی صاحب مرحوم ”خلیفہ حضرت رابع“ اوّل“ کی کاوش و اعانت سے ۱۹۴۷ء سے بدستور کی جارہی ہے۔ شجرہ پڑھنے والوں سے مخلصانہ گذارش ہے کہ ان کی مغفرت کے لئے بھی دعا فرمائیں۔

شکریہ!

طالب دعا: خلیفہ ملک محمد اشرف نقشبندی کلر یالہ گجراں۔ راولپنڈی

Marfat.com

دُعا

ٹلے کونین دی آفت تمامی
ملے دارین دی فوز المرامی
حیاتی وِچ ظفر صحت فراغت
قناعت امن عزت تے سخاوت
عقائد ٹھیک تعمیلِ شریعت
محبت معرفت کشفِ حقیقت
اقارب یار دم دم شاد و منصور
عدو و حاسد ہمیشہ خوار و مقہور
بروزِ حشر عفو و کامرانی
پچھانواں عرش دا کوثر دا پانی
ملے بن جا بچ فردوسی عطائی
لقا ربی معیت مصطفائی

شجرہ نقشبندیہ ذاہبیہ

حسبِ فرمائش
صاحبزادہ الحاج حافظ محمد مطلوب الرسول صاحب
سجادہ نشین للہ شریف ضلع جہلم

بسمِ اللہِ الرحمٰنِ الرحیم

ابنی ذاتِ صفات اسماء تیجے میری کریں قبول دعا ربا
جبرائیلِ امین متین تیجے دل تے حق یقین جما ربا
سر دے تاج احمد مصطفےٰ تیجے جھولی پا سارے مدعا ربا
ابو بکر صدیق رفیق تیجے کریں نیک توفیق عطا ربا

Marfat.com

عالی شان سلماںؓ دے شان تیکھے پلے داں عرفان دا یا ربا
صبح شام طفیل امام قاسمؒ ذوق شوق دا جام پلا ربا
جعفر صادقؓ[5] دے صدق مقال تیکھے آل ملال تھیں ٹال بلا ربا
بایزیدؒ[6] سعید دے دید تیکھے مینوں رنگ توحید والا چڑھا ربا
بوالحسنؒ خرقانی دے شرف تیکھے بخش زندگانی پارسا ربا
ابوالقاسمؒ[8] گرگانی دی مہربانی شامل حال ہووے ہر ہر جا ربا
ابو علیؒ[9] فارمدی دے ولی تیکھے جلی بلی نور تجلی بنا ربا
ابو یوسفؒ[10] ہمدانی دی جان تیکھے کریں فانی تے دئیں بقا ربا
حافظ شیخ عبدالخالقؒ[11] غجدوانی کر کے مہربانی بنے لا ربا
عارفؒ[12] ریوگری جہی پیر تیکھے کریں بری از جرم خطا ربا
خواجہ پیر محمودؒ[13] ا انجیر نغنوی دستگیر ہو صبح مسا ربا
سید میر کلالؒ[14] دے حال تیکھے میتھوں نیک اعمال کرا ربا
نقشبندؒ[15] دے جذبے دے پھند والا مینوں پا کمند اٹھا ربا
علاؤ الدینؒ[16] عطار دی تار پا کے مینوں توڑ حضور پہنچا ربا
اپنے خاص محبوب یعقوبؒ[17] چرخی تیکھے بخش تو خوب لقا ربا
عبید اللہؒ[18] احرار دی کار تیکھے ہر ہر غار تھیں پار لنگھا ربا
محمد زاہدؒ[19] دے زہد تسلیم تیکھے میں سقیم نوں بخش شفا ربا
پاک کیش محمدؒ درویشؒ[20] تیکھے دل دے ریش دی کریں دوا ربا
نام خواجگی امکنگیؒ[21] پیر دا میں لے کراں دوار صدا ربا
حضرت بابا سماسیؒ[22] دے زہد تیکھے بخش انس اداسی دی جا ربا
سید میر کلالؒ[23] دے حال تیکھے سفم رنج ملال گوا ربا

Marfat.com

محمد[۲۴] باقی باللہ یار تیرے چکا پھرے جھنڈا تھیں یار ربا
شیخ احمد[۲۵] مجدد دے فقر تیرے بخش صبر تسلیم رضا ربا
خواجہ محمد[۲۶] معصوم قیوم سر تے راکھا نزع دے وقت پہنچا ربا
حضرت پیر سیف[۲۷] الدین قبر اندر کرن آکے دُور گھبرا ربا
سید نور محمد[۲۸] جاں صور وجے آکے قبر تھیں لین جگا ربا
مظہر[۲۹] جان جاناں مہربان ہو کے سائے عرش دے لین بٹھا ربا
بن کے ولی غلام[۳۰] شاہ علی صاحب میرے لین اعمال تلا ربا
محی الدین[۳۱] قصور زبان پورے کر کے دین میزان نوا ربا
غلام احمد[۳۲] نبی میرا پکڑ بازو پُل صراط تھیں دین لنگھا ربا
پیر دوست محمد[۳۳] شفیع بن کے رکھن وچ فردوس لے جا ربا
ڈھڈی پیر غلام[۳۴] حسنؒ دا میں تابعدار خادم خاکپا ربا
خواجہ پیر مقبول الرسول[۳۵] صاحب ہر اک عیب تھیں کرن صفا ربا
حافظ پیر مطلوب الرسول[۳۶] صاحب ہین ہر دُکھی دی دوا ربا
ایس شجرے دے پاک ارکان تیرے بخش جرم گناہ خطا ربا

طالب دعا:
خلیفہ ملک محمد اشرف کلریالہ گجراں

اورادِ طریقہ عالیہ نقشبندیہ

بہ ارشاد حضرت الحاج حافظ محمد مطلوب الرسول صاحب نقشبندی مجددی للہی
تیجے نماز فجر دے پنجی ۲۵ واری اَستَغفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَ

وب اِلَیہِ ۲ دو واری اَلحَمدُ شریف ۳ ترے واری قُل شریف
ے کے اِس طرح آکھے الٰہی ثواب اِس کلام دا تیکھے قبول کریندے طفیلوں
ل کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیوں حضرت پیران پیر دستگیر محبوب سبحانی
ت صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانی رح صاحب دی روح نوں اتے حضرت
والدین نقشبند صاحب رحمۃ اللہ علیہ دی روح نوں پہنچا ایہہ آکھ کے
ن نال تالو دے لائے پھر نال خیال دے ذِکر اللہ، اللہ، دا کرے پنجھیاں ۲۵
ے سرے تے ایہہ دعا زبانی نال کمال عاجزی دے پڑھے رد الٰہی مقصود
راں توں ہیں، اتے رضا تیری محبت اتے معرفت اپنی مینوں دیہہ" اسے
ح ترنے ۳۰۰ سو واری ذکر اللہ، اللہ، دا پورا کرے نماز پیشی اتے دیگر دی تیکھے
وداں ۱۴۱ واری اَستَغفِرُ اللہَ رَبِّی مِن کُلِّ ذَنبٍ وَّ اَتُوبُ اِلَیہِ
رھے، اتے تیکھے نماز شام دے اول آخر یاراں ۱۱ یاراں ۱۱ واری درود شریف
للّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عِترَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعلُومٍ
ک پڑھ کے وچکار اُس دے ہک سو ۱۱۱ یاراں واری یا شیخ عبدالقادر
یلانی شَیئًا لِلّٰہِ پڑھے اتے تیکھے نماز خفتاں دے ترنے ۳۰۰ سو واری
یہو درود شریف پڑھے سوا اس تھئیں ہر وقت وچ دل دے خیال اللہ
اللہ، دا رکھے۔

حضرت چلے معراج کو	بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ
اندھیرے سے چانن ہوا	کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
اوصاف اُنکے سب بھلے	حَسُنَتْ جَمِیعُ خِصَالِہٖ
خود خدا نے یوں کہا	صَلُّوا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

Marfat.com

وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (تین مرتبہ)

اور آپؐ کے اصحاب پر درود وسلام بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّ

اے اللہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمدؐ پر اور ہمارے آقا حضرت مُحمّ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ وَبَارِ

اُمّی و غیب کی خبریں دینے والے کی آل پر اور اصحابہؓ پر رحمت اور اتباع

وَسَلِّمْ ط

والوں پر برکتیں و رحمت نازل فرما۔ آمین!

کلمہ شہادت

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

میں گواہی دیتا ہوں بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ط

اسکا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بند

اور رسول ہیں۔

اضافی معمولات برائے اہل ذوق

؎ یاد او سرمایۂ ایماں بود ہر گدا از یاد او سلطان شود

طریقۂ عالیہ نقشبندیہ کے پہلے صفحہ پر ہر خاص و عام کے لئے وظائف

Marfat.com

درج کر دیئے گئے ہیں۔ جو مشائخ عظام اپنے ارادت مندوں کو تلقین فرماتے ہیں، وہ مفید ہونے کے باوجود نہایت مختصر ہیں، جن سے خاص و عام کی سہولت پیش نظر ہے۔ لیکن عبودیت کا تقاضا یہ ہے کہ بندہ اپنے اوقات کو اللہ کی یاد میں بسر کرنے اور غفلت کو سب سے بڑا گناہ سمجھے۔

لہٰذا سحری تہجد کے لئے اللہ تعالیٰ توفیق دے تو بیدار ہو کر آٹھ رکعت نماز تہجد ادا کرے، جو کم از کم چار رکعت ہوتی ہے۔ ہر رکعت میں تین بار سورۃ الاخلاص پڑھے۔ اس کے بعد اگر نیند کا غلبہ نہ ہو تو نفی و اثبات تین سو دفعہ حسب طریقہ پڑھے، پھر اسم ذات سے دل لگا کر صبح تک مراقب ہو رہے نماز باجماعت کے بعد اشراق تک ذکر و اذکار میں مشغول رہے، حتیٰ کہ ایک نیزہ سورج بلند ہو جائے، تو پھر نماز اشراق چار رکعت ادا کرے، پھر اپنے کام میں مشغول ہو جائے۔ بہتر ہے کہ صبح سے دوپہر تک کلمۂ تمجید یا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم کا وردِ خفی زبان پر جاری رکھے اور بعد نمازِ عصر تا غروبِ آفتاب یہ استغفار پڑھتا رہے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ اس کے علاوہ دن ہو یا رات یادِ اللہ سے غافل نہ رہے اور "دست بکار، دل بیار" کا عملی نمونہ ہو جائے۔ آمین!

دم بدم تیرا تصور ہی رہے اور جستجو
ذکر تیرے سے رہے معمور میری گفتگو

Marfat.com

اورادِ طریقۂ عالیہ نقشبندیہ

(حسب ارشاد حضرت حافظ الحاج محمد مطلوب الرسول صاحب نقشبندی مجددی سجادہ نشین للہ شریف ضلع جہلم)۔

